الدراية النافعة

في حل لغات

القراءة الواضحة

الجزء الأول

تالیف

حضرت مولانا وحید الزماں کیرانوی رحمہ اللہ

سابق استاذ ادب دار العلوم دیوبند

حل لغات و ترکیب مع طریقہ تدریس قرآن

مولانا مصلح الدین قاسمی

استاذ ادب دار العلوم دیوبند

ریّان بک ڈپو دیوبند

الدِّرايةُ النَّافِعَةُ

في حلّ لغات

القراءة الواضحة

الجزء الأوّل

تالیف

حضرت مولانا وحید الزماں کیرانوی رحمہ اللہ

سابق استاذ ادب دار العلوم دیوبند

حل لغات وترکیب

مع طریقۂ تدریس وتمرین

مولانا مصلح الدین قاسمی

استاذ دار العلوم دیوبند

ناشر

ریّان بک ڈپو دیوبند (یوپی) ۲۴۷۵۵۴

کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

تفصیلات

نام کتاب	:	القراءۃ الثاقفه الجزء الأوّل
مؤلف	:	مولانا مصلح الدین قاسمی / استاذ دار العلوم دیوبند
صفحات	:	۳۳۲
اشاعت اوّل	:	۲۰۱۷ء
تعداد	:	گیارہ سو (۱۱۰۰)
قیمت	:	
کمپیوزکتابت	:	الفضل کمپیوٹرس دیوبند Mob. 095 575 147 99

رئیان بک ڈپو دیوبند (یوپی)

RAYYAN BOOK DEPOT

DEOBAND-24 75 54 (U.P.)

Mob. 094 125 122 98

078 95 39 72 87

انتساب

- مادر علمی دار العلوم دیوبند کے نام...
  جس کی ایمانی و نورانی اور علمی فضاؤں میں رہ کر کچھ لکھنے اور پڑھنے کا شعور پیدا ہوا۔
- دار العلوم الاسلامیہ بستی کے نام...
  جہاں احقر نے اپنی ابتدائی تعلیمی زندگی کے دو سال گذارے اور جس کے اساتذہ کرام کی توجہات وعنایات سے زبان و بیان کی گرہیں کھلیں۔
- عربی زبان کے عبقری معلم حضرت مولانا وحید الزماں کیرانوی علیہ الرحمہ کے نام...
  جن کی زندگی کا عظیم مشن ہی طلبہ میں عربی زبان کا ذوق پیدا کرنا تھا۔
- ان تمام اساتذہ گرامی قدر کے نام...
  جن سے احقر نے ایک حرف بھی پڑھا کہ یہ درحقیقت انھیں مخلص اساتذہ کرام کی توجہات کا ثمرہ ہے۔

اور

- مرحوم والد محترم و عمر رسیدہ والدہ محترمہ کے نام...
  جن کی دعائیں زندگی کے تمام مراحل میں احقر کے ساتھ رہیں۔

مصلح الدین قاسمی

استاذ دار العلوم دیوبند

فہرست مضامین

عنوان — صفحہ

- عرض مؤلف
- الدَّرسُ الأوّلُ
- الدرس الثاني
- الدرس الثالث
- الدرس الرّابع
- الدرس الخامس
- الدرس السّادس
- الدرس السابع
- الدر س الثامن
- الدرس التاسع
- الدرس العاشر
- الدر س الحادي عشر
- الدرس الثاني عشر
- الدرس الثالث عشر (المسجد)
- الدرس الرابع عشر
- الدرس الخامس عشر
- الدرس السادس عشر
- الدرس السابع عشر
- الدرس الثامن عشر
- الدرس التاسع عشر
- الدرس العشرون
- الدّرس الواحد والعشرون
- الدّرس الثاني والعشرون
- الدّرس الثالث والعشرون
- الدرس الرابع والعشرون
- الدّرس الخامس والعشرون
- الدرس السادسُ والعشرون
- الدرس السابع والعشرون
- الدّرس الثامن والعشرون
- الدّرس التاسع والعشرون
- الدرس الثلاثون
- الدّرس الواحد والثلاثون
- الدّرس الثاني والثلاثون
- الدّرس الثالث والثلاثون
- الدّرس الرّابع والثلاثون
- الدّرس الخامسُ والثلاثون (دُكّانُ الخضريّ)
- الدّرس السادس والثلاثون (القطار)
- الدّرسُ السّابعُ والثلاثون(قصر جميل)
- الدّرس الثامن والثلاثون (طِفْلَةٌ وعُصْفُوْرٌ)
- الدّرس التاسع والثلاثون (اللهُ رَبّيْ)
- الدّرس الأربعون (القران الكريم)
- الدّرس الواحد والأربعون
- الدّرس الثاني والأربعون
- الدّرس الثالث والأربعون

عرضِ مؤلف

حامداً ومصلياً ومسلماً وبعد!

درس نظامی میں عربی زبان کی جو افادیت واہمیت ہے وہ روز روشن کی طرح عیاں ہے، عربی زبان میں دست گاہ کامل اور مہارت تامہ کے بغیر علوم کتاب وسنت میں پختگی ممکن نہیں، اسی لیے مدارس عربیہ میں اس زبان کی تعلیم وتدریس پر ابتدائی درجات ہی سے توجہ دی جاتی ہے اور بالترتیب تمام ہی درجات میں عربی زبان کی کوئی نہ کوئی کتاب داخل درس ہے۔

ام المدارس ''دار العلوم دیوبند'' اور اس نہج پر چلنے والے تقریباً تمام مدارس عربیہ کے ابتدائی درجات میں معلم لغتِ عربی استاذ الاساتذہ حضرت مولانا وحید الزماں کیرانوی نور اللہ مرقدہ کی تالیف کردہ کتاب ''القراءة الواضحہ'' کے تمام اجزاء داخل درس ہیں جو اپنی حسن ترتیب کے اعتبار سے تمام ضروری نحوی قواعد کو محیط ہیں اور طلبہ کی ذہنی سطح کو پیش نظر رکھ کر حضرت والا قدس سرہ نے انھیں مرتب کیا ہے، اس کتاب کے تینوں اجزاء پڑھ لینے کے بعد طالب علم نہ صرف یہ کہ عربی زبان سے کسی حد تک واقف ہو جاتا ہے بلکہ بنیادی نحوی قواعد پر اس کی گرفت مضبوط ہو جاتی ہے۔

سال گذشتہ احقر نے ''القراءة الواضحة الجزء الثالث'' کی لغات اور اہم جملوں کی ترکیب کے ساتھ ''الدِّرَايَةُ النَّافِعَةُ في حلّ لغات القراءة الواضحه'' ترتیب دی تھی جس کے مقدمے میں یہ وعدہ تھا کہ جزء اول وثانی کے حاشیہ میں لغات وترکیب کے ساتھ ''طریقۂ تدریس وتمرین'' کا عنوان بھی قائم کر کے ہر سبق سے متعلق ضروری قواعد کا بھی اضافہ کیا جائے گا تا کہ ان قواعد کی مدد سے تدریس کا ایک خاص نہج اور اسلوب مل جائے اور نئے فضلاء وشائقین علم وادب کے لیے ابتدائی طلبہ کو پڑھانا آسان ہو جائے، اس نیک ارادے کے ساتھ ''الدِّرَايَةُ النَّافِعَةُ ، الجزء الأوّل'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔فالحمدلله علىٰ ذٰلك۔

چوں کہ ''الدِّرَايَةُ النَّافِعَةُ ، الجزء الأوّل'' بالکل ابتدائی جماعت میں داخل ہے اس لیے کتاب کے بیشتر حصے میں ترکیب سے تعرض نہیں کیا گیا ہے، کیوں کہ ترکیب کا تعلق علم نحو سے کسی نہ کسی درجے میں واقفیت پر ہے، البتہ آخر کے چند اسباق میں یہ سوچ کر ''ترکیب'' کا عنوان قائم کر دیا گیا کہ طلبۂ عزیز کو اب نحو کا کچھ شُد بُد ہو گیا ہوگا۔

کتاب ''الدِّرَايَةُ النَّافِعَةُ'' کی ترتیب میں ہر سبق کے ترجمے اور مشکل الفاظ کی تحقیق کے ساتھ حاشیے میں ''طریقۂ تدریس وتمرین'' کا عنوان قائم کر کے سبق سے متعلق ضروری قواعد آسان انداز میں ذکر کردیے گئے ہیں، نیز ہر سبق میں اردو عربی تمرین کا اضافہ کردیا گیا ہے تاکہ قواعد کے ساتھ ان کی تطبیق پر بھی طلبہ کو قدرت ہوجائے، کیوں کہ تطبیق وتمرین اصل اور بنیادی چیز ہے۔ تمرین میں حتی الامکان اس پہلو کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ ابتدائی درجات کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق رہے، تاکہ ان پر بار نہ پڑے۔ رب کریم احقر کی اس حقیر کاوش اور عربی زبان کی تدریس کے حوالے سے معمولی سی خدمت کو شرف قبولیت سے نوازے اور کتاب کو متعلّمین و معلّمین دونوں کے لیے نافع بنائے۔ آمین

مصلح الدین قاسمی
استاذ دارالعلوم دیوبند
۱۳/ جمادی الاخری ۱۴۳۸ھ
مطابق ۱۳/ مارچ ۲۰۱۷ء
بروز شنبہ پونے گیارہ بجے شب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الدَّرْسُ الأَوَّلُ (☆)

هٰذَا	ذٰلِكَ	هٰذِهِ	تِلْكَ	
قَلَمٌ	وَرَقٌ	دَوَاةٌ	كُرَّاسَةٌ	كِتَابٌ
هٰذَا قَلَمٌ	هٰذِهِ دَوَاةٌ	هٰذِهِ مِنضَدَةٌ	ذٰلِكَ وَرَقٌ	تِلْكَ كُرَّاسَةٌ
تِلْكَ سَبُّورَةٌ	هٰذَا كُرْسِيٌّ	ذٰلِكَ كِتَابٌ	هٰذَا مَكْتَبٌ	ذٰلِكَ مِرْسَامٌ

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق ۱ میں مندرجہ ذیل چیزوں کی طرف توجہ ان شاء اللہ طلبہ کے لیے مفید ہوگی۔

۱-اسم اشارہ: وہ اسم ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے۔

۲-مشارٌ الیہ: وہ اسم ہے جس کی طرف اشارہ کیا جائے، جیسے: ''هٰذا القلم'' ''ذٰلك الكتاب'' وغیرہ۔

۳-هٰذا اسم اشارہ مذکر قریب کے لیے ''ذٰلك'' مذکر بعید کے لیے ''هٰذه'' مؤنث قریب کے لیے اور ''تلك'' مؤنث بعید کے لیے ہے۔

مذکر ومؤنث کی پہچان کے لیے ابتداء یہ بتلایا جائے کہ جس لفظ کے آخر میں گول ''ة'' آئے وہ مؤنث ہے جیسے: ''كُرَّاسةٌ، منضدةٌ، سَبُّورةٌ'' یا کسی مؤنث کا نام ہو جیسے ''زینب، سعاد'' وغیرہ اور جس لفظ کے آخر میں گول ''ة'' نہ ہو وہ مذکر ہے، جیسے: ''وَلَدٌ، قلمٌ، تلميذٌ، یا کسی مذکر کا نام ہو جیسے: ''نبیلٌ، طلحةُ، حمزةُ'' وغیرہ۔

۵- هٰذا، هٰذه ، ذٰلك اور ''تلك'' کے بعد آنے والے لفظ پر اگر الف لام داخل نہ ہو تو اس کے ترجمے کے آخر میں لفظ ''ہے'' آئے گا، جیسے ''هٰذا كتابٌ'' یہ کتاب ہے '' تلك كرّاسةٌ'' وہ کاپی ہے اور اگر ان اسمائے اشارہ کے بعد آنے والے لفظ پر الف لام داخل ہو تو ترجمے کے آخر میں لفظ ''ہے'' نہیں آئے گا، جیسے ''ذٰلك الولد'' وہ لڑکا ''هٰذه المروحة'' یہ پنکھا۔

۶-مختلف ایسی چیزیں جن میں سے کچھ کے نام عربی میں مذکر ہوں اور کچھ کے مؤنث، مثلاً ''جدارٌ، ساعةٌ، بابٌ، مِروحةٌ'' وغیرہ۔ بورڈ پر لکھ کر ان کی طرف مذکورہ اسمائے اشارات کے ذریعہ اشارہ کر کے ''ما'' کے ذریعہ سوال کیا جائے کہ ''ماذٰلك، هٰذا'' وہ کیا چیز ہے؟ اور طلبہ جواب میں کہیں مثلاً: ''هٰذا جدارٌ، هٰذه ساعةٌ، ذٰلك بابٌ، تلك مروحةٌ'' وغیرہ۔

اسی طرح ان اسمائے اشارہ اور مشارٌ الیہ کے ساتھ ''هل'' لگا کر سوال کیا جائے، مثلاً: ''هَلْ هٰذِهِ مِرْوَحَةٌ'' اور جواب میں صرف ''نعم'' یا ''لا'' پر اکتفانہ کرایا جائے بلکہ اسم اشارہ اور مشار الیہ کا اعادہ کرایا جائے، مثلاً مذکورہ سوال کے جواب میں کہا جائے: نعم: هٰذه مِرْوَحةٌ اس طریقے سے ان شاء اللہ اسمائے اشارہ کی صحیح مشق ہوجائے گی۔

ماھٰذا ؟	هٰذا قَلَمٌ	— مَكْتَبٌ	— كِتَابٌ
ماذٰلك ؟	ذٰلِكَ كُرْسِيٌّ	— مِرْسَامٌ	— مَكْتَبٌ
ماھٰذه ؟	هٰذِهِ كُرَّاسَةٌ	— دَوَاةٌ	— مِنْضَدَةٌ
ماتِلْكَ ؟	تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ	— كُرَّاسَةٌ	— دَوَاةٌ

هَلْ هٰذا قَلَمٌ ؟ نَعَمْ : هٰذا قَلَمٌ
هَلْ هٰذا مِرْسَامٌ ؟ لَا : هٰذا قَلَمٌ
هَلْ هٰذِهِ سَبُّوْرَةٌ ؟ نَعَمْ : هٰذِهِ سَبُّوْرَةٌ
هَلْ ذٰلِكَ مِرْسَامٌ ؟ نَعَمْ : ذٰلِكَ مِرْسَامٌ
هَلْ تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ ؟ لَا : تِلْكَ مِنْضَدَةٌ

پہلا سبق

ایک کتاب — ایک قلم — ایک کاغذ — ایک دوات — ایک کاپی

یہ ایک قلم ہے — یہ ایک دوات ہے — یہ ایک تپائی ہے — وہ ایک کاغذ ہے — وہ ایک کاپی ہے
وہ ایک تختہ سیاہ ہے — یہ ایک کرسی ہے — وہ ایک کتاب ہے — یہ ایک میز ہے — وہ ایک پنسل ہے

یہ کیا ہے؟ یہ ایک قلم ہے — یہ ایک میز ہے — یہ ایک کتاب ہے
وہ کیا ہے؟ وہ ایک کرسی ہے — وہ ایک پنسل ہے — وہ ایک میز ہے
یہ کیا ہے؟ یہ ایک کاپی ہے — یہ ایک دوات ہے — یہ ایک تپائی ہے
وہ کیا ہے؟ وہ ایک تختہ سیاہ ہے — وہ ایک کاپی ہے — وہ ایک دوات ہے

کیا یہ قلم ہے ؟ ہاں : یہ قلم ہے
کیا یہ پنسل ہے ؟ نہیں : یہ قلم ہے
کیا یہ تختہ سیاہ ہے ؟ ہاں : یہ تختہ سیاہ ہے
کیا وہ پنسل ہے ؟ ہاں : وہ پنسل ہے
کیا وہ تختہ سیاہ ہے ؟ نہیں : وہ تپائی ہے

لغات

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
كِتَابٌ، ج، كُتُبٌ	کتاب	قَلَمٌ، ج، أَقْلامٌ	قلم
وَرَقٌ، ج، أَوْرَاقٌ	کاغذ	دَوَاةٌ، ج، دَوَاتَاتٌ	دوات
كُرَّاسَةٌ، ج، كُرَّاسَاتٌ	کاپی	كُرْسِيٌّ، ج، كَرَاسِيُّ	کرسی
مَكْتَبٌ، ج، مَكَاتِبُ	میز	مِرْسَامٌ، ج، مَرَاسِيْمُ	پنسل
مِنْضَدَةٌ، ج، مَنَاضِدُ	تپائی	سَبُّوْرَةٌ، ج، سَبُّوْرَاتٌ	تختہ سیاہ

تمرین-۱

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

وہ دیوار ہے — یہ کپڑا — وہ پنکھا — یہ کمرہ ہے — وہ کتاب
یہ گھڑی ہے — وہ پنسل — یہ تختہ سیاہ — وہ ٹوپی — یہ دروازہ ہے

تمرین-۲

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

هٰذه الكُرّاسةُ — تلك ساعةٌ — هٰذا مِصْبَاحٌ — ذٰلك القُفْلُ — هٰذه سعادُ
تلك الشَّجرةُ — هٰذا الكلبُ — ذٰلك راشدٌ — تلك قلنسوةٌ — هٰذه المروحةُ

تمرین-۳

مندرجہ ذیل سوالات کے عربی میں جوابات لکھیں

هل تلك مروحة؟ — هل ذٰلك كرسيٌّ؟ — هل هٰذه كراسةٌ؟
هل هٰذا بابٌ؟ — هل ذٰلك قُفلٌ؟ — هل هٰذه قلنسوةٌ؟
ماهٰذا؟ — ماهٰذه؟ — ماذٰلك؟ — ماتلك؟

الدَّرسُ الثَّاني (☆)

أنَا — أنْتَ — تِلْمِيْذٌ — وَلَدٌ — مُدَرِّسٌ — رَجُلٌ

(☆) **طریقۂ تدریس وتمرین**

سبق ۲ میں مندرجہ ذیل چیزوں کی طرف توجہ دی جائے۔

←

مَسْرُوْرٌ	قَصِيْرٌ	طَوِيْلٌ	كَبِيْرٌ	صَغِيْرٌ

أَنْتَ رَجُلٌ — أَنَا وَلَدٌ

أَنْتَ مُدَرِّسٌ — أَنَا تِلْمِيْذٌ

أَنْتَ كَبِيْرٌ — أَنَا صَغِيْرٌ

أَنْتَ مَسْرُوْرٌ — أَنَا مَسْرُوْرٌ

ذٰلِكَ طَوِيْلٌ — هٰذَا قَصِيْرٌ

هٰذَا كَبِيْرٌ — ذٰلِكَ صَغِيْرٌ

مَنْ أَنْتَ؟ — أنا ولدٌ-تلميذٌ-رجلٌ

هل أَنْتَ مُدَرِّسٌ؟ — لا: أنا تلميذٌ

هَلْ أنت صغيرٌ؟ — نعم: أنا صغيرٌ

هل انتَ طويلٌ؟ — لا: أنا قصيرٌ

من مسرورٌ؟ — أنا مسرورٌ

تمرين

۱ — ....ولد ۲ — ....مدرّس ۳ — هٰذا ....

۴ — ذٰلك .... ۵ — أنا .... ۶ — أنتَ ....

دوسرا سبق

أنا: میں (ایک مرد یا ایک عورت) انت: تو، یا تم (واحد مذکر حاضر) تلمیذٌ: طالب علم، شاگرد۔ وَلَدٌ: لڑکا۔

(۱) انا اور انت کو عربی میں ضمیر کہتے ہیں۔

(۲) انا کا استعمال خود بولنے والے شخص (واحد متکلم) اور "انت" کا استعمال سامنے موجود شخص (واحد مذکر حاضر) کے لیے ہوتا ہے۔

(۳) انا اور انت کے بعد ہمیشہ کوئی مفرد لفظ آئے گا، جیسے: "انا ولدٌ، انت کبیرٌ" وغیرہ۔

(۴) ھَا، ھَلْ، مَنْ ان تینوں کے ذریعہ سوال کیا جاتا ہے، یہ تینوں ہمیشہ جملے کے شروع میں آتے ہیں۔

(۵) اگر سوالیہ جملے میں "انت" ضمیر آئے تو ہمیشہ اس کے جواب میں "انا" ضمیر آئے گی، جیسے: "من انت" کے جواب میں کہیں گے، "انا تلمیذٌ، انا ولدٌ" اور "هلْ انت صغیرٌ؟ کے جواب میں کہیں گے۔ "نعم: انا صغیرٌ" نعم: انت صغیرٌ: نہیں کہیں گے۔

مدرّسٌ: استاذ۔ رَجُلٌ: مرد، آدمی۔ صَغِيْرٌ: چھوٹا۔ كَبِيْرٌ: بڑا۔ طَوِيْلٌ: لمبا۔ قَصِيْرٌ: پستہ قد۔ مَسْرُوْرٌ: خوش۔

میں لڑکا ہوں	تو مرد ہے	میں طالب علم ہوں	آپ استاذ ہیں
میں چھوٹا ہوں	تم بڑے ہو	میں خوش ہوں	تم خوش ہو
یہ پستہ قد ہے	وہ لمبا ہے	وہ چھوٹا ہے	یہ بڑا ہے

تم کون ہو ؟ میں لڑکا ہوں، میں طالب علم ہوں، میں آدمی ہوں

کیا تم استاذ ہو ؟ نہیں: میں طالب علم ہوں

کیا تم چھوٹے ہو ؟ جی ہاں! میں چھوٹا ہوں

کیا تم لمبے ہو ؟ نہیں: میں پستہ قد ہوں

کون خوش ہے ؟ میں خوش ہوں

مشق

انا ولدٌ: میں لڑکا ہوں — هٰذا رجلٌ: یہ مرد ہے — أنا صغیرٌ: میں چھوٹا ہوں

انت مدرّسٌ: آپ استاذ ہیں — ذٰلك تلمیذٌ: وہ طالب علم ہے — أنت كبيرٌ: تم بڑے ہو

لغات

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تلمیذٌ، ج، تَلَامِيْذُ	طالب علم، شاگرد	وَلَدٌ، ج، أولادٌ	لڑکا
مدرّسٌ، ج، مُدَرِّسُوْنَ	استاذ	رَجُلٌ، ج، رِجَالٌ	مرد، آدمی
صَغِيْرٌ، ج، صِغَارٌ	چھوٹا	كَبِيْرٌ، ج، كِبَارٌ	بڑا
طَوِيْلٌ، ج، طِوَالٌ	لمبا	قَصِيْرٌ، ج، قِصَارٌ	پستہ قد، ناٹا
مَسْرُوْرٌ، ج، مَسْرُوْرُوْنَ	خوش	دَرْسٌ، ج، دُرُوْسٌ	سبق

تمرین - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

میں لمبا ہوں	تم پستہ قد ہو	تو لڑکا ہے	میں استاذ ہوں
کیا تم بڑے ہو؟	نہیں: میں چھوٹا ہوں	کیا تم خوش ہو؟	ہاں: میں خوش ہوں

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل سوالوں کے عربی میں جوابات لکھیں

من صغیرٌ؟ — مَنْ مُدرّسٌ؟ — من تلمیذٌ ؟ — مَن وَلَدٌ؟

هَلْ أنتَ وَلَدٌ؟ — هل أنتَ مدرسٌ؟ — هلْ أنتَ مسرورٌ؟ — هل أنتَ كبيرٌ

تمرین - ۳

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں

أنا .... — أنت .... — هٰذا.......... — هٰذه ....

.........تلميذٌ — ....ساعةٌ — ....رجلٌ — ....مروحةٌ

الدرس الثالث (☆)

وَاقِفٌ — جَالِسٌ — مَفْتُوحٌ — جَدِيْدٌ

قَدِيْمٌ — مُفِيْدٌ — جَيِّدٌ — رَدِيٌّ

اَلتِّلْمِيْذُ وَاقِفٌ — اَلْمُدَرِّسُ جَالِسٌ — اَلْوَلَدُ صَغِيْرٌ

الرَّجُلُ طَوِيْلٌ — التِّلْمِيْذُ مَسْرُوْرٌ — الطِّفْلُ قَصِيْرٌ

اَلْبَابُ مَفْتُوْحٌ — الْكُرْسِيُّ جَدِيْدٌ — اَلْمَكْتَبُ قَدِيْمٌ

اَلْكِتَابُ مُفِيْدٌ — اَلْقَلَمُ جَيِّدٌ — اَلْوَرَقُ رَدِيٌّ

تِلْمِيْذٌ - التِّلْمِيْذُ — وَلَدٌ-الوَلَدُ — رَجُلٌ-الرَّجُلُ

بَابٌ-اَلْبَابُ — كُرْسِيٌّ-الكُرْسِيُّ — مَكْتَبٌ- المَكْتَبُ

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق ۳ میں چوں کہ معرفہ اور نکرہ کی مشق مقصود ہے اس لیے مندرجہ ذیل چیزیں سمجھا کر یاد کرا دی جائیں۔

۱-جس لفظ پر الف لام لگا ہو وہ معرفہ کہلاتا ہے اور اس پر تنوین نہیں آتی، جیسے: الرَّجلُ، البابُ وغیرہ۔

۲-جس لفظ پر الف لام نہ ہو وہ نکرہ کہلاتا ہے، اور اس پر تنوین آتی ہے، جیسے: رَجُلٌ، بَابٌ وغیرہ

۳-نکرہ کے ترجمے میں لفظ "ایک" یا "کوئی" آتا ہے اور معرفہ کے ترجمے میں "ایک" یا "کوئی" نہیں آتا۔

۴-جب معرفہ پہلے اور نکرہ بعد میں ہو تو معرفہ کو مبتدا اور نکرہ کو خبر کہیں گے۔

۵-مبتدا اگر مذکر ہو تو خبر بھی مذکر ہوگی اور مبتدا اگر مونث ہو تو خبر بھی مونث ہوگی، جیسے: "التلميذُ وَاقِفٌ" میں دونوں مذکر ہیں اور "التلميذة واقفة" میں دونوں مونث ہیں۔

كِتَابٌ-الكِتَابُ — قَلَمٌ-القَلَمُ — وَرَقٌ-الوَرَقُ

تمرین

مَنْ وَاقِفٌ؟	التلميذُ وَاقِفٌ	.... قلمٌ
مَنْ جَالِسٌ؟	المدرّسُ جَالِسٌ	القلمُ.......
هَلِ التلميذُ جَالِسٌ؟	لَا: التلميذُ وَاقِفٌ	.......رجلٌ
هلِ المدرّسُ وَاقِفٌ؟	لَا المدرّسُ جَالِسٌ	الرّجلُ.......
كَيْفَ الكُرْسِيُّ؟	الكُرْسِيُّ جَدِيْدٌ	.......كِتابٌ
كَيْفَ القلمُ؟	القلم جَيِّدٌ	الكتابُ ....

تیسرا سبق

کھڑا — بیٹھا — کھلا ہوا — نیا

پرانا — فائدے مند — اچھا، عمدہ — خراب

طالب علم کھڑا ہے	طالب علم خوش ہے	لڑکا چھوٹا ہے
آدمی لمبا ہے	استاذ بیٹھے ہوئے ہیں	بچہ پستہ قد ہے
دروازہ کھلا ہوا ہے	کرسی نئی ہے	میز پرانی ہے
کتاب فائدے مند ہے	قلم عمدہ ہے	کاغذ خراب ہے

تِلْمِيْذٌ: ایک یا کوئی طالب علم	التلميذُ: طالب علم	وَلَدٌ: ایک یا کوئی لڑکا	الولدُ: لڑکا
رَجُلٌ: ایک یا کوئی مرد	الرَّجُلُ: مرد	بَابٌ: ایک یا کوئی دروازہ	البابُ: دروازہ
كُرسِيٌّ: ایک یا کوئی کرسی	الكُرْسِيُّ: کرسی	مكتب: ایک یا کوئی میز	المكتب: میز
كتابٌ: ایک یا کوئی کتاب	الكتاب: کتاب	قَلَمٌ: ایک یا کوئی قلم	القلم: قلم
وَرَقٌ: ایک یا کوئی کاغذ	الورق: کاغذ		

مشق

کون کھڑا ہے ؟ طالب علم کھڑا ہے — هٰذا قَلَمٌ : یہ ایک قلم ہے

کون بیٹھا ہے ؟ طالب علم بیٹھا ہے — القَلَمُ جدِيدٌ : قلم نیا ہے

کیا طالب بیٹھا ہے ؟ نہیں: طالب علم کھڑا ہے — ذٰلِكَ رَجُلٌ : وہ ایک مرد ہے
کیا استاذ کھڑے ہیں ؟ نہیں: استاذ بیٹھے ہیں — اَلرَّجُلُ طَوِيْلٌ : مرد لمبا ہے
کرسی کیسی ہے ؟ کرسی نئی ہے — هٰذَا كِتَابٌ : یہ ایک کتاب ہے
قلم کیسا ہے ؟ قلم عمدہ ہے — الكتابُ مُفِيدٌ : کتاب فائدے مند ہے

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
وَاقِفٌ، ج، وَاقِفُوْنَ	کھڑا ہوا	جَالِسٌ، ج، جَالِسُوْنَ	بیٹھا ہوا
مَفْتُوْحٌ، ج، مَفْتُوْحُوْنَ	کھلا ہوا	جَدِيْدٌ، ج، جُدُدٌ	نیا
قَدِيْمٌ، ج، قُدَمَاءُ وقُدَامٰى	پرانا	مُفِيْدٌ، ج، مُفِيْدُوْنَ	فائدے مند

تمرین-۱

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

استاذ بڑے ہیں — طالب علم چھوٹا ہے — کاپی پرانی ہے — گھڑی قیمتی ہے
دروازہ بند ہے — کرسی پرانی ہے — صحن تنگ ہے — لڑکا محنتی ہے
کمرہ کھلا ہوا ہے — گھر کشادہ ہے

تمرین-۲

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

الكراسةُ مفتوحةٌ — الرّجلُ قصيرٌ — الحجرة ضيِّقةٌ — البيتُ نظيفٌ
القلنسوةُ جديدةٌ — الشّاي حارٌّ — الثّوبُ قديمٌ — التلميذُ نشيطٌ
التلميذةُ مجتهدةٌ — السّاعةُ قديمةٌ

تمرین-۳

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو مناسب کلمات سے پُر کریں

القطارُ.... — الورقُ.... — الماءُ.... — المروحة.... — المنارة....
....مجتهدةٌ — ....مفتوحةٌ — ....ثمينٌ — ....رخيصٌ — ....جميلٌ

☆

الدّرس الرّابع (☆)

أَنْتِ — هُوَ — هِيَ — بِنْتٌ — أُمٌّ — أَبٌ — أَخٌ
أُخْتٌ — قَوِيٌّ — ضَعِيْفٌ — سَمِيْنٌ — هَزِيْلَةٌ — ذَكِيَّةٌ — ☆

أَنْتِ بِنْتٌ — أَنْتِ صَغِيْرَةٌ — هٰذِه أُمٌّ — هِيَ كَبِيْرَةٌ — هٰذِه نَافِذَةٌ — النَّافِذَةُ مَفْتُوْحَةٌ
هِيَ صَغِيْرَةٌ — تِلْكَ سَيَّارَةٌ — السَّيَّارَةُ جَدِيْدَةٌ — هِيَ جَمِيْلَةٌ — الْبَيْتُ صَغِيْرٌ — هُوَ جَمِيْلٌ
الْحُجْرَةُ صَغِيْرَةٌ — هِيَ جَمِيْلَةٌ — الْأَبُ ذَاهِبٌ — الْأُمُّ ذَاهِبَةٌ — الْأَخُ نَائِمٌ — الْأُخْتُ نَائِمَةٌ
الْوَلَدُ حَاضِرٌ — الْبِنْتُ غَائِبَةٌ — الْوَلَدُ غَائِبٌ — الْبِنْتُ حَاضِرَةٌ

أَنَا قَوِيٌّ — أَنْتَ ضَعِيْفٌ — هُوَ سَمِيْنٌ — هِيَ هَزِيْلَةٌ — أَنْتِ ذَكِيَّةٌ
مَنْ نَائِمٌ؟ — الْأَخُ نَائِمٌ — كَيْفَ الْبَيْتُ؟ — الْبَيْتُ صَغِيْرٌ — مَنْ نَائِمَةٌ؟ — الْأُخْتُ نَائِمَةٌ
كَيْفَ الْحُجْرَةُ؟ — الْحُجْرَةُ صَغِيْرَةٌ

هَلِ الْبَيْتُ كَبِيْرٌ؟ — لَا: — الْبَيْتُ صَغِيْرٌ
هَلِ الْحُجْرَةُ صَغِيْرَةٌ؟ — نَعَمْ: — الْحُجْرَةُ صَغِيْرَةٌ

تمرین

أَنَا......، أَنْتَ......، هُوَ......، هِيَ......، أَنْتِ......،

(☆) طريقۂ تدريس وتمرين

سبق ۴ میں مندرجہ ذیل امور کی طرف توجہ دی جائے۔

۱۔ أنتِ ، هُوَ، هِيَ، یہ تینوں الفاظ ''أَنَا'' اور ''أَنْتَ'' کی طرح ضمیر کہلاتے ہیں۔

۲۔ أنتِ کا استعمال واحد مؤنث حاضر کے لیے، هُوَ کا واحد مذکر غائب کے لیے اور هِيَ کا واحد مؤنث غائب کے لیے ہوتا ہے۔

۳۔ أنتِ اور هِيَ کے بعد کوئی مؤنث لفظ آئے گا اور هُوَ کے بعد کوئی مذکر لفظ آئے گا۔

اس سبق میں اسم اشارہ، اسم ضمیر اور اسم مؤنث کو مبتدا بنا کر استعمال کیا گیا ہے، اس لیے واضح کر کے یہ بتلایا جائے کہ مبتدا جس طریقے سے وہ لفظ ہوتا ہے جس پر الف لام داخل ہو اسی طریقے سے اسمائے اشارہ (هٰذا، هٰذه، ذٰلِكَ، تِلْكَ) اور اسمائے ضمیر (أنَا، أنْتَ، أنتِ) بھی مبتدا بنتے ہیں۔

۴۔ جب اسم ضمیر اور اسم اشارہ کے بعد آنے والا لفظ نکرہ ہو تو اسم ضمیر اور اسم اشارہ مبتدا واقع ہوں گے اور اسم نکرہ خبر بنے گا جیسے: ''أنتِ بنتٌ'' اور ''هٰذه نَافِذَةٌ'' وغیرہ

۵۔ ''مَنْ'' کے ذریعہ کسی شخص کے متعلق اور ''كيف'' کے ذریعہ کسی چیز کی کیفیت اور صفت کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔ اس کی وضاحت تختہ سیاہ پر مثالوں سے کر دی جائے۔

نائم ...... مستيقظ ...... قويّة ...... مفتوحة

چوتھا سبق

أنتِ: تو (ایک عورت) هو: وہ (ایک مرد) هي: وہ (ایک عورت) بنت: لڑکی

أبٌ: باپ أخٌ: بھائی أختٌ: بہن

أمٌّ: ماں

قويٌّ: طاقت ور، مضبوط ضعيفٌ: کمزور سمينٌ: موٹا هزيلةٌ: دبلی

ذكيّةٌ: ہوشیار

لڑکی ہے	تو چھوٹی ہے	یہاں ہے	وہ بڑی تھی
کھڑکی ہے	کھڑکی کھلی ہوئی ہے	وہ چھوٹی ہے	وہ پردہ ہے
	وہ خوب صورت ہے	گھر چھوٹا ہے	وہ خوب صورت ہے
بھوکا ہے	وہ خوب صورت ہے	باپ جا رہے تھے	ماں جا رہی تھی
کمرہ چھوٹا ہے	بہن موٹی ہے	لڑکا حاضر ہے	لڑکی غیر حاضر ہے
بھائی موٹا ہے	لڑکا غیر حاضر ہے	لڑکی حاضر ہے	
میں طاقت ور ہوں	تو کمزور ہے	وہ موٹا ہے	وہ دبلی ہے
تو ہوشیار ہے	کون موٹا ہے؟	بھائی موٹا ہے	گھر کیسا ہے؟
گھر چھوٹا ہے	کون موٹی ہے؟	بہن موٹی ہے	کمرہ کیسا ہے؟
کمرہ چھوٹا ہے	کیا گھر بڑا ہے؟	نہیں: گھر چھوٹا ہے	
	کیا کمرہ چھوٹا ہے؟	ہاں: کمرہ چھوٹا ہے	

مشق

أنا معلّمٌ أنتَ كبيرٌ هو قويٌّ هي ضعيفةٌ

أنتِ ذكيّةٌ هو نائمٌ أنتَ مسرورٌ هي قويّةٌ

النافذة مفتوحةٌ

لغات

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
بنتٌ ، ج ، بناتٌ	لڑکی	أمٌّ ، ج ، أمّهاتٌ	ماں، والدہ

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
أبٌ ، ج ، آباءٌ	باپ، والد	أخٌ ، ج ، إخوةٌ وإخوانٌ	بھائی
أختٌ ، ج ، أخواتٌ	بہن	قويٌّ ، ج ، أقوياءُ	طاقت ور، مضبوط
ضعيفٌ ، ج ، ضعفاءُ	کمزور	سمينٌ ، ج ، سِمانٌ	موٹا
هزيلةٌ ، ج ، هزيلاتٌ	دبلی	ذكيّةٌ ، ج ، ذكيّاتٌ	ہوشیار
نافذةٌ ، ج ، نوافذُ	کھڑکی	ستارةٌ ، ج ، ستائرُ	پردہ
نائمٌ ، ج ، نائمون	سونے والا	حُجرةٌ ، ج ، حُجُراتٌ	کمرہ

تمرين-۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

أنا طبيبٌ أنتَ خطيبٌ هٰذا طالبٌ ذٰلك سائقٌ هٰذه جامعةٌ

الفلّاح نائمٌ الصّيدلية قريبةٌ الملعبُ بعيدٌ الحقيبةُ صغيرةٌ أنتِ معلّمةٌ

تمرين-۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

ہوائی اڈہ قریب ہے بس اڈہ پرانا ہے وہ کھیل گاہ ہے یہ راستہ ہے

گھڑی قیمتی ہے یہ باغیچہ ہے وہ دواخانہ ہے میں مقرر ہوں

یہ رجسٹر ہے تو طالب ہے

تمرين-۳

مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں

كيف المطار؟ من حاضرٌ؟ كيف المعلّمُ؟ ماذلك؟

من جالسٌ؟ ماتلك؟ كيف السّتارةُ؟ هل أنتَ قويٌّ؟

الدّرس الخامس(☆)

في الْمَسْجِدِ في الْبَيْتِ في الْحُجْرَة في الْفَصْلِ

(☆) طريقة تدريس وتمرين

سبق ۵ میں حروف جارہ کا استعمال دکھایا گیا ہے اس لیے اس سبق میں جو حروف جارہ مذکور ہیں سب سے پہلے ان کی نشان دہی کردی جائے (في: میں۔ لِ: لیے، کا، کی۔ علی: پر) ←

لِلْوَلَدِ	لِلتِّلْمِيْذِ	لِلْمُدَرِّسِ	لِلرَّجُلِ
عَلَى الْكُرْسِيِّ	عَلَى النَّافِذَةِ	عَلَى الْمَكْتَبِ	
فِي الْفَصْلِ تِلْمِيْذٌ	عَلَى الْكُرْسِيِّ وَلَدٌ	عَلَى النَّافِذَةِ سِتَارَةٌ	
اَلتِّلْمِيْذُ فِي الْفَصْلِ	اَلْوَلَدُ عَلَى الْكُرْسِيِّ	اَلسِّتَارَةُ عَلَى النَّافِذَةِ	
لِلتِّلْمِيْذِ كِتَابٌ	لِلْمُدَرِّسِ قَلَمٌ	لِلْمَسْجِدِ بَابٌ	
اَلْكِتَابُ لِلتِّلْمِيْذِ	اَلْقَلَمُ لِلْمُدَرِّسِ	اَلْبَابُ لِلْمَسْجِدِ	

محادثة

أَيْنَ التلميذُ؟ — التلميذُ فِي الفَصْلِ
مَنْ فِي الفصلِ؟ — فِي الفصل تِلميذٌ
مَاذا عَلَى النَّافِذةِ؟ — عَلَى النَّافِذةِ ستارةٌ
أَيْنَ السّتارةُ؟ — السّتارةُ عَلَى النّافذةِ
مَاذا عَلَى المكتبِ؟ — عَلَى المكتب كتابٌ وقلمٌ ودواةٌ
هَلْ لِلْوَلَد كرّاسةٌ؟ — نعم: للولَدِ كرّاسةٌ
هل الكرّاسةُ لِلْوَلَدِ؟ — نعم: الكرّاسةُ للولَدِ

پانچواں سبق

درس گاہ میں — کمرے میں — گھر میں — مسجد میں

← یہ بتایا جائے کہ ان حروف جارہ کے بعد آنے والے اسم پر ہمیشہ زیر آئے گا، جیسے:"في الفصلِ، للولدِ، على الكرسيِّ"۔

درس مذکور میں دو طرح کے جملے ہیں، بعض جملوں میں جار مجرور مقدم ہے اور بعض میں موخر، دونوں طرح کے جملے تختۂ سیاہ پر لکھ کر طلبہ کو فرق سمجھایا جائے کہ جب جملے میں جار مجرور پہلے ہو تو بعد میں آنے والا اسم نکرہ ہوگا، اور جار مجرور کا ترجمہ پہلے کیا جائے گا، جیسے:"على الكرسيّ ولدٌ" (کرسی پر لڑکا ہے)

اور اگر جملے میں اسم پہلے آئے اور جار مجرور بعد میں آئے تو پہلے آنے والا اسم معرفہ رہے گا، اور اس اسم کا ترجمہ پہلے اور جار مجرور کا بعد میں ہوگا، جیسے:"الولدُ على الكرسي" (لڑکا کرسی پر ہے)

این کے ذریعے کسی جگہ کے متعلق سوال کیا جاتا ہے لہٰذا "أَيْنَ" کے جواب میں کوئی جگہ ہی ذکر کریں گے جیسے:"أين التلميذُ" کے جواب میں کہیں گے: التلميذ في الحجرة . في البيت. وغیرہ۔

لڑکے کا (لڑکے کے لیے)	طالب علم کے لیے	استاذ کے لیے	آدمی کے لیے
کرسی پر	کھڑکی پر	میز پر	
درس گاہ میں ایک طالب علم ہے	کرسی پر ایک لڑکا ہے	کھڑکی پر ایک پردہ ہے	
طالب علم درس گاہ میں ہے	لڑکا کرسی پر ہے	پردہ کھڑکی پر ہے	
طالب علم کے لیے کتاب ہے	استاذ کے لیے قلم ہے	مسجد کے لیے دروازہ ہے	
کتاب طالب علم کی ہے	قلم استاذ کا ہے	دروازہ مسجد کا ہے	

بات چیت (گفتگو)

طالب علم کہاں ہے؟ — طالب علم درس گاہ میں ہے
درس گاہ میں کون ہے؟ — درس گاہ میں ایک طالب علم ہے
کھڑکی پر کیا ہے؟ — کھڑکی پر ایک پردہ ہے
پردہ کہاں ہے؟ — پردہ کھڑکی پر ہے
میز پر کیا ہے؟ — میز پر کتاب، قلم اور دوات ہے
کیا لڑکے کے لیے کاپی ہے؟ — ہاں: لڑکے کے لیے کاپی ہے
کیا کاپی لڑکے کے لیے ہے؟ — ہاں: کاپی لڑکے کے لیے ہے

لغات

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فَصْلٌ ، ج ، فُصُوْلٌ	درس گاہ، کلاس روم	بَيْتٌ ، ج ، بُيُوْتٌ	گھر
مَسْجِدٌ ، ج ، مَسَاجِدُ	مسجد	مُحَادَثَةٌ ، ج ، مُحَادَثَاتٌ	گفتگو، بات چیت

تمرین-۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

على الشّجرة طَائِرٌ	في المسجد مروحةٌ	للمسجد منارة	السمكُ في الماء
الكتاب للولدِ	المدرسة في المدينة	للمدرسة مكتبةٌ	في الحقيبة متاعٌ
السّائق على السيّارة	على الشّارع سيّارةٌ		

تمرین – ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

گملے میں پھول ہے	بہت بڑا کمرہ ہے	کتب خانے کے لیے کتاب ہے	والدہ گھر میں ہیں
پھول باغیچے میں ہے	مینار مسجد کے لیے ہے	یہ چارپائی پر ہے	ہوٹل میں باورچی ہے
	مسجد کے لیے حوض ہے	حوض میں پانی ہے	

تمرین – ۳

إملأ الفراغ (خالی جگہ پُر کرو)

أنا......، أنتَ......، أنتِ......، هو......، هي......،

......مسرورة، ......سمين، ......مسرور، ......سمينة، الباب......،

النافذة......، القلم......، الدواة......، الأب......، الأم......،

الأخ......، الأخت......،

مفتوحة – مفتوح – جيد – جميلة – واقف – نائمة –

صغيرة – صغير – كبير – كبيرة – طويل – قصيرة

تمرین – ۴

إملأ الفراغ (خالی جگہ پُر کرو)

......في البيت، ......على المكتب، ......للولد، لـ......

في الحجرة......، على النافذة......، للمدرس......، على......

الرجل – الكتاب – المرسام – القلم – الكراسة – التلميذ

أخت – منضدة – سيارة – قلم – كرسي – فصل

تمرین – ۵

اقرأ وترجم إلى الأردية

مندرجہ ذیل ٹکڑے پڑھو اور اردو میں ترجمہ کرو[1]

هذه الحجرة　　في هذه الحجرة　　تلك النافذة　　على تلك النافذة

(۱) تمرین ۵ سے پہلے طلبہ کو ایک مختصر سی بات سمجھادی جائے کہ یوں تو "هذا، هذه" کے معنی ہیں "یہ" اور "ذلك وتلك" کا معنی ہے ←

هذا الفصل　　في هذا الفصل　　ذلك البيت　　في ذلك البيت

هذا التلميذ　　لهذا التلميذ　　ذلك المدرس　　لذلك المدرس

تمرین – ۶

سوال وجواب کاپی میں لکھو

ماذا في الحجرة ؟　　من في الفصل ؟　　أين القلم ؟

في الحجرة ....　　في الفصل........　　القلم........

كيف أنتَ ؟ أنا ....،　　كيف أنتِ؟ أنا ....،

الدرس السادس (☆)

الوَلَدُ جالِسٌ على الكُرْسِيِّ – هو مَسْرُورٌ

البِنْتُ جالِسَةٌ على السَّرِيرِ – هي مَسْرُورَةٌ

← "وہ" لیکن یہ اسمائے اشارہ اگر جار مجرور کے درمیان آجائیں تو "هذا" اور "هذه" کا ترجمہ لفظ "اِس" سے کریں گے اور "ذلك وتلك" کا ترجمہ لفظ "اُس" سے کریں گے، چناں چہ "هذه الحجرة" کا ترجمہ ہے "یہ کمرہ" اور "في هذه الحجرة" کا ترجمہ ہے "اِس کمرے میں" اور "في ذلك البيت" کا ترجمہ ہے "اُس گھر میں" اس طریقے کے جملوں کی اور بھی مشق کرادی جائے تاکہ یہ بات ذہن نشین ہوجائے مثلاً: الستارة على تلك النافذة، في هذه المدينة مدرسة، على ذلك المكتب كتاب، في ذلك الماء سمك.

(☆) طريقة تدريس وتمرين

سبق ۶ میں جملہ اسمیہ کو ذرا طویل کردیا گیا ہے، مبتدا اور خبر میں تذکیر وتانیث کی مطابقت بتانا اس سبق کا خاص مقصد ہے اس لیے اسمائے مذکر ومؤنث دونوں طرح استعمال کیا گیا ہے، اب استاذ محترم طلبہ کے ذہن کو دیکھتے ہوئے مندرجہ ذیل چیزیں سمجھائیں اور مشق کرائیں۔

۱ جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو۔

۲ مبتدا: جملہ اسمیہ کا پہلا جز جس کے بارے میں کوئی خبر دی جائے۔

۳ خبر: جملہ اسمیہ کا دوسرا جز جس کے ذریعے کوئی خبر دی جائے، جیسے: "الولد جالس" میں "الولد" مبتدا ہے اور "جالس" خبر ہے اس لیے کہ "الولد" (لڑکے) کے بارے میں "بیٹھنے" کی خبر دی گئی ہے، اور یہ خبر لفظ "جالس" سے دی گئی ہے۔

۴ مبتدا معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے۔

۵ مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔

۶ مبتدا اور خبر میں تذکیر وتانیث کے اعتبار سے مطابقت ہوتی ہے۔

۷ اگر خبر اسم مشتق ہو اور اس کے بعد جار مجرور آئے تو جار مجرور اسی اسم مشتق سے متعلق ہوگا۔

نوٹ: اگر طلبہ کسی درجے میں نحو وصرف سے واقف ہوں تو سبق میں مذکورہ جملوں کی ترکیب بھی کرائی جاسکتی ہے۔

التّلميذُ حاضِرٌ في الفصلِ – هُوَ نَشِيطٌ

التّلميذةُ حاضِرةٌ في الْفصلِ – هِيَ نَشِيطَةٌ

الأبُ واقِفٌ في البَيْتِ – هُوَغاضِبٌ

الأمُّ واقِفةٌ في المَطْبَخِ – هِيَ مَشْغُولَةٌ

الأخُ نائِمٌ في الْمَهْدِ – هُوَجَوْعَانٌ ، تَعْبَانٌ

الأختُ نائِمةٌ في الفِراشِ – هِيَ تَعْبَانَةٌ ، جَوْعَانَةٌ

المُدرِّسُ راجِعٌ إلى البَيْتِ – هُوَ كَسْلانٌ

البِنْتُ ذاهِبةٌ إلى الْبَيْتِ – هِيَ كَسْلانَةٌ

الرَّجُلُ ذاهِبٌ إلى الْمَسْجِدِ – هُوَ طَاهِرٌ ، صَالِحٌ

غاضِبٌ	طَاهِرٌ	نَشِيطٌ	كَسْلانٌ	تَعْبَانٌ	مَشْغُولٌ
غاضِبةٌ	طَاهِرَةٌ	نَشِيطَةٌ	كَسْلانَةٌ	تَعْبَانَةٌ	مَشْغُولَةٌ

چھٹا سبق

لڑکا کرسی پر بیٹھا ہے – وہ خوش ہے

لڑکی چارپائی پر بیٹھی ہے – وہ خوش ہے

طالب علم درس گاہ میں موجود ہے – وہ چست ہے

طالبہ درس گاہ میں موجود ہے – وہ چست ہے

باپ گھر میں کھڑے ہیں – وہ ناراض ہیں

والدہ باورچی خانے میں کھڑی ہیں – وہ مصروف ہیں

بھائی گہوارے میں سو رہا ہے – وہ بھوکا ہے، تھکا ہوا ہے

بہن بستر پر سو رہی ہے – وہ تھکی ہوئی ہے، بھوکی ہے

استاذ گھر کی طرف لوٹ رہے ہیں – وہ ست ہیں

لڑکی گھر جا رہی ہے – وہ ست ہے

آدمی مسجد جا رہا ہے – وہ پاک ہے، نیک ہے

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
سَرِيْرٌ ، ج ، سُرُرٌ	چارپائی	نَشِيطٌ ، ج ، نُشَطَاءُ	چست
نَشِيطَةٌ ، ج ، نَشِيطَاتٌ	چست عورت	غَاضِبٌ ، ج ، غَاضِبُوْنَ	ناراض
مَطْبَخٌ ، ج ، مَطَابِخُ	باورچی خانہ	مَهْدٌ ، ج ، مُهُوْدٌ	گہوارہ، جھولا
جَائِعٌ ، ج ، جِيَاعٌ	بھوکا	تَعْبَانٌ ، ج ، تَعْبَانُوْنَ	تھکا ہوا
كَسْلانٌ ، ج ، كُسَالَى	ست	طَاهِرٌ ، ج ، أَطْهَارٌ	پاک، صاف
صَالِحٌ ، ج ، صُلَحَاءُ	نیک	مَشْغُولٌ ، ج ، مَشْغُوْلُوْنَ	مصروف

تمرین – ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

الأستاذ جالسٌ في الفصل – الكتاب موضوعٌ على المكتب

البنت موجودةٌ في البيت – الأخت ذاهبةٌ إلى المدرسة

التلميذ كاتبٌ على الكراسة – الأب نائمٌ في الحجرة

التلميذة راجعةٌ إلى البيت – السيّارة واقفةٌ في الموقف

الرّجل قادمٌ من المسجد – التلميذ خارجٌ من الفصل

تمرین – ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

والد بازار سے آ رہے ہیں – بہن کمرے میں سو رہی ہے

مسجد شہر میں موجود ہے – بچی گھر سے نکل رہی ہے

قلم میز پر رکھا ہوا ہے – استاذ مدرسے جا رہے ہیں

لڑکی گھر لوٹ رہی ہے – طالب درس گاہ سے نکل رہی ہے

ماں مطبخ میں موجود ہے – بھائی چارپائی پر بیٹھا ہے

☆

الدرس السابع (☆)

شَجَرٌ – الشَّجَرُ – غُصْنٌ – الْغُصْنُ – فَاكِهَةٌ – الْفَاكِهَةُ

الْحَمَّامُ – طَرِيٌّ – يَابِسٌ – نَاضِجٌ – زَرْقَاءُ

هٰذَا شَجَرٌ	هٰذَا الشَّجَرُ –	هٰذَا الشَّجَرُ طَوِيْلٌ –
هٰذَا غُصْنٌ	هٰذَا الْغُصْنُ –	هٰذَا الْغُصْنُ طَرِيٌّ –
ذٰلِكَ غُصْنٌ	ذٰلِكَ الْغُصْنُ –	ذٰلِكَ الْغُصْنُ يَابِسٌ –
هٰذِهِ فَاكِهَةٌ	هٰذِهِ الْفَاكِهَةُ –	هٰذِهِ الْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ –
تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ	تِلْكَ السَّبُّوْرَةُ –	تِلْكَ السَّبُّوْرَةُ سَوْدَاءُ –
تِلْكَ سِتَارَةٌ	تِلْكَ السِّتَارَةُ –	تِلْكَ السِّتَارَةُ زَرْقَاءُ –

تمرين

هٰذَا بَيْتٌ	فِي هٰذَا الْبَيْتِ حُجْرَةٌ وَمَطْبَخٌ وَحَمَّامٌ
ذٰلِكَ فَصْلٌ	فِي ذٰلِكَ الْفَصْلِ مُدَرِّسٌ وَتِلْمِيْذٌ
هٰذِهِ حُجْرَةٌ	فِي هٰذِهِ الْحُجْرَةِ سَرِيْرٌ وَمِنْضَدَةٌ وَكُرْسِيٌّ
تِلْكَ حُجْرَةٌ	لِتِلْكَ الْحُجْرَةِ بَابٌ وَنَافِذَةٌ وَمِتَحَةٌ

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق ۷ میں اسم اشارہ اور مشار الیہ کو مرکب تام اور مرکب ناقص دونوں طرح استعمال کرنے کی مشق مقصود ہے اسم اشارہ اور مشار الیہ کی مشق مرکب تام کی صورت میں پہلے بھی گذر چکی ہے، یہاں مرکب ناقص پر توجہ دی جائے۔

یہ بات ذہن نشین رہے کہ درس مذکور میں مرکب ناقص کو دو طرح استعمال کیا گیا ہے (۱) اسم اشارہ اور مشار الیہ کو مبتدا بنا کر (۲) اسم اشارہ پر حرف جر داخل کر کے۔ اس دوسری صورت کو بھی سبق ۵ میں تمرین ۵ کے تحت حاشیہ میں مثالوں سے اچھی طرح سمجھا دیا گیا ہے، اس سبق میں بھی اس کا اعادہ کر دیا جائے اور پہلی صورت کو مندرجہ ذیل امور کی روشنی میں سمجھایا جائے۔

۱ اسم اشارہ کے بعد آنے والے لفظ (مشار الیہ) پر اگر الف لام داخل ہو تو اسم اشارہ اور مشار الیہ دونوں مل کر مرکب ناقص یعنی صرف مبتدا ہوں گے۔ اب اگر اس مرکب ناقص کو مرکب تام بنانا چاہیں تو خبر کو مستقل ذکر کریں گے۔ جیسے: هٰذا الغصنُ (یہ شاخ) مرکب ناقص ہے، اور "هٰذا الغصن يابس" (یہ شاخ خشک ہے) مرکب تام ہے۔

۲ اس طریقے کے جملے میں ہمیشہ اسم اشارہ، مشار الیہ اور خبر تینوں میں تذکیر و تانیث کے لحاظ سے مطابقت ہوگی یعنی تینوں یا تو مذکر ہوں گے، جیسے: "هٰذا الغصن يابس" یا تینوں مونث ہوں گے، جیسے: "هٰذه الشجرة طويلة"۔

كَيْفَ هٰذِهِ الْفَاكِهَةُ ؟	هٰذِهِ الْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ
كَيْفَ تِلْكَ السِّتَارَةُ ؟	تِلْكَ السِّتَارَةُ زَرْقَاءُ
مَا فِي هٰذِهِ الْحُجْرَةِ ؟	فِي هٰذِهِ الْحُجْرَةِ سَرِيْرٌ

ساتواں سبق

ایک درخت	درخت	ایک شاخ	شاخ	ایک پھل (میوہ)	پھل
غسل خانہ	تروتازہ	خشک	پکا ہوا	پیلا	

یہ ایک درخت ہے	یہ درخت	یہ درخت لمبا ہے
یہ ایک شاخ ہے	یہ شاخ	یہ شاخ تروتازہ ہے
وہ ایک شاخ ہے	وہ شاخ	وہ شاخ خشک ہے
یہ ایک میوہ ہے	یہ میوہ	یہ میوہ پکا ہوا ہے
وہ ایک تختہ سیاہ ہے	وہ تختہ سیاہ	وہ تختہ سیاہ کالا ہے
وہ ایک پردہ ہے	وہ پردہ	وہ پردہ پیلا ہے

مشق

یہ ایک گھر ہے	اس گھر میں کمرہ، مطبخ اور غسل خانہ ہے
وہ درس گاہ ہے	اس درس گاہ میں استاذ اور طالب علم ہیں
یہ کمرہ ہے	اس کمرے میں چارپائی ہے، اور تپائی ہے، اور کرسی ہے
وہ کمرہ ہے	اس کمرے کا ایک دروازہ ہے، کھڑکی ہے، اور روشن دان ہے
یہ میوہ کیسا ہے؟	یہ میوہ پکا ہوا ہے
وہ پردہ کیسا ہے؟	وہ پردہ پیلا ہے
اس کمرے میں کیا ہے؟	اس کمرے میں ایک پلنگ ہے

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
شَجَرٌ ، ج ، أَشْجَارٌ	درخت	غُصْنٌ ، ج ، أَغْصَانٌ	شاخ

فاكهة ، ج ، فواكه	ميوه، پھل	حمّام ، ج ، حمّامات	غسل خانه
يابس ، ج ، يبس	خشک	ناضج ، ج ، ناضجون	پکا ہوا
زرقاء ، ج ، زرق	نیلا	منفذة ، ج ، منافذ	روشن دان

تمرین - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

هذا السجل جديد　　هذه البطاقة قديمة　　ذلك الفصل واسع　　تلك المعلّمة صالحة

تلك المرآة جميلة　　ذلك التفاح لذيذ　　هذا الظرف صغير　　هذه السيّارة سريعة

تمرین - ٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

یہ کھلونا قیمتی ہے　　وہ کھیت کشادہ ہے　　یہ ڈرائیور چست ہے　　وہ قلم تراش سستا ہے

یہ ڈاکٹر باکمال ہے　　یہ درخت پھل دار ہے　　وہ گلاب خوب صورت ہے　　وہ یونیورسٹی مشہور ہے

تمرین - ٣

مندرجہ ذیل سوالات کے عربی میں جوابات لکھیں

كيف هذا البيت؟　　مافي هذا البيت؟　　اين ذلك المعلّم؟　　كيف تلك الحديقة؟

من في هذا الفصل ؟　　كيف تلك السيّارة؟　　ماذا على هذا المكتب؟ هل تلك الشجرة طويلة

الدرس الثامن (☆☆)

أنا وَلَدٌ ، إسْمِي خَالِد　　　أنتَ تِلْمِيذٌ ، إسْمُكَ سَاجد

(☆☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق ۵ میں اسم مضاف اور ضمیر مجرور کا استعمال کیا گیا ہے، یہاں اضافت کی اصطلاحی تعریف کے بجائے عملی طور پر صرف مضاف ومضاف الیہ کے استعمال کی مشق کرا دینا کافی ہے، اس لیے مندرجہ ذیل امور پر توجہ دی جائے۔

ا اسمي میں "ي" اسمك میں "ك" اسمكِ میں "كِ" اسمه میں "ه" اور اسمها میں "ها" یہ سب ضمیریں ہیں۔

٢ ان ضمیروں سے پہلے اگر کوئی اسم آئے تو وہ اسم مضاف کہلائے گا اور یہ ضمیریں مضاف الیہ کہلائیں گی، جیسے: اسمي میں "اسم" مضاف ہے اور "ي" مضاف الیہ ہے، ابنها میں "ابن" مضاف اور "ها" مضاف الیہ ہے۔

٣ مضاف ومضاف الیہ دونوں مل کر مرکب ناقص ہوتے ہیں، اس مرکب ناقص کو مرکب تام بنانے کے لیے مضاف ومضاف الیہ کے بعد ایک اور اسم آتا ہے۔ خواہ وہ اسم کسی شخص کا نام ہو، جیسے: "اسمها زينب" (اس کا نام زینب ہے) میں "زینب" ایک عورت کا نام ہے، یا کسی ←

أنَا بِنْتٌ ، إسْمِي سَلْمٰى　　　أنْتِ تِلْمِيْذَةٌ ، إسْمُكِ سُعَادُ

هُوَ رَجُلٌ ، إسْمُهُ مَاجِدٌ　　　هِيَ إمْرَأةٌ ، إسْمُهَا زَيْنَبُ

هٰذَا ابْنُ مَاجِدٍ　　　هٰذِهِ بِنْتُ مَاجِدٍ

هٰذَا وَالِدِي　　　هٰذِهِ أُمُّكَ

إسْمُ الْوَالِدِ مَاجِدٌ　　　إسْمُ الْأُمِّ زَيْنَبُ

إسْمُ الْإبْنِ خَالِدٌ　　　إسْمُ الْبِنْتِ سُعَادُ

محادثة

مَنْ أنْتَ؟ — أنَا تِلْمِيذ　　　مَنْ أنْتَ؟ — أنَا مُسْلِمٌ

مَا اسْمُكَ؟ — إسْمِي سَاجِد　　　مَنْ رَبُّكَ؟ — رَبِّيَ اللهُ

مَنْ هٰذَا؟ — هٰذَا أخِي　　　مَادِيْنُكَ؟ — دِيْنِي الإسْلَامُ

مَا اسْمُهُ؟ — إسْمُهُ رَاشِد　　　مَنْ أنْتِ؟ — أنَا مُسْلِمَةٌ

مَنْ هٰذه؟ — هٰذه أُخْتِي　　　مَنْ رَبُّكِ؟ — رَبِّيَ اللهُ

مَا اسْمُهَا؟ — إسْمُهَا سُعَاد　　　مَادِيْنُكِ؟ — دِيْنِي الإسْلَامُ

أيْنَ وَالِدُكَ؟ — وَالِدِي فِي السُّوْقِ　　　هَل اسْمُكِ سُعَاد؟　نَعَمْ: إسْمِي سُعَادُ

أيْنَ أُمُّكَ؟ — أُمِّي فِي البيتِ　　　أيْنَ أخْتُكَ؟ — أُخْتِي فِي الحُجْرةِ

هَل أنْتِ سُعَاد؟ — نعم أنَا سُعَاد

آٹھواں سبق

میں لڑکا ہوں، میرا نام خالد ہے　　　تو طالب علم ہے، تیرا نام ساجد ہے

میں لڑکی ہوں، میرا نام سلمٰی ہے　　　تو طالبہ ہے تیرا نام سعاد ہے

→ شخص کا نام نہ ہو، جیسے: "بَيْتُهُ بَعِيْدٌ" (اس کا گھر دور ہے) میں بعیدٌ کسی شخص کا نام نہیں ہے۔

٤ یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ مضاف الیہ ضمیر ہی ہو، ضمیر کے علاوہ دیگر اسماء بھی مضاف الیہ واقع ہوتے ہیں، جیسے: "اسمُ الوالد ماجدٌ" (والد کا نام ماجد ہے) میں "اسمُ" مضاف، "الْوَالِدِ" مضاف الیہ، دونوں مل کر مبتدا ہیں اور "مَاجِدٌ" خبر ہے۔ (مضاف ومضاف الیہ کے اور قواعد آئندہ آئیں گے)

وہ مرد ہے، اس کا نام ماجد ہے — وہ عورت ہے اس کا نام زینب ہے

یہ ماجد کا لڑکا ہے — یہ ماجد کی لڑکی ہے

یہ میرے والد ہیں — یہ تیری والدہ ہیں

والد کا نام ماجد ہے — والدہ کا نام زینب ہے

بیٹے کا نام خالد ہے — بیٹی کا نام سعاد ہے

محادثہ (بات چیت، گفتگو)

تم کون ہو؟	میں طالب علم ہوں	تم کون ہو؟	میں مسلمان ہوں
تمہارا نام کیا ہے؟	میرا نام ساجد ہے	تمہارا رب کون ہے؟	میرا رب اللہ ہے
یہ کون ہے؟	یہ میرا بیٹا ہے	تمہارا دین کیا ہے؟	میرا دین اسلام ہے
اُس کا نام کیا ہے؟	اس کا نام راشد ہے	تو کون ہے؟	میں مسلمان ہوں
یہ کون ہے؟	یہ میری بہن ہے	تیرا رب کون ہے؟	میرا رب اللہ ہے
اس کا نام کیا ہے؟	اس کا نام سعاد ہے	تیرا دین کیا ہے؟	میرا دین اسلام ہے
تمہارے والد کہاں ہیں؟	میرے والد بازار میں ہیں	کیا تیرا نام سعاد ہے	ہاں: میرا نام سعاد ہے
تمہاری والدہ کہاں ہیں؟	میری والدہ گھر میں ہیں	تمہاری بہن کہاں ہے؟	میری بہن کمرے میں ہے
	کیا تو سعاد ہے؟	ہاں: میں سعاد ہوں	

لغات

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اسمٌ ، ج ، أسماءٌ	نام	اِمْرَأَةٌ ، ج، نِسَاءٌ (من غیر لفظہ)	عورت
ابنٌ ، ج ، أبناءٌ	بیٹا، لڑکا	مُسْلِمٌ ، ج ، مُسْلِمُوْنَ	مسلمان
ربٌّ ، ج ، أربابٌ	رب، پالن ہار	دِيْنٌ ، ج ، أَدْيَانٌ	دین، مذہب
مُسْلِمَةٌ ، ج ، مُسْلِمَاتٌ	مسلمان عورت	سُوْقٌ ، ج ، أَسْوَاقٌ	بازار

تمرین - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

اسمه نبيلٌ — بيته قريبٌ — اسمها سلمى — كتابها جديدٌ — اسمك سعيدٌ

كتاب التلميذ جميلٌ — اسم الأستاذ خالد — كراستي جميلةٌ — مسجد المدرسة صغيرٌ

تمرین - ٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

تمہارا مدرسہ بڑا ہے — اس کا بیٹا چھوٹا ہے — درس گاہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے — کھڑکی کا پردہ نیا ہے

میرا نام حامد ہے — اس (عورت) کا لڑکا نیک ہے — میرا قلم خوب صورت ہے — ماں کا نام سعاد ہے

تمرین - ٣ (على الضمير المجرور) (١)

أنا	أنْتَ	أنْتِ	هُوَ	هِيَ
ي	كَ	كِ	هُ	هَا
اسمـ/ـي	اسمـ/ـكَ	اسمـ/ـكِ	اسمـ/ـه	اسمـ/ـها
كِتَابِي	كِتَابُكَ	كِتَابُكِ	كِتَابُه	كِتَابُهَا

تمرین - ٤ (إعادة المبتدءات)

الفصل – المنضدة – الباب – النافذة – السّبّورة – التلميذ

المدرس – الكتاب – القلم – المدرس – الورق – الكراسة

البيت – الحجرة – السرير – المكتب – الكرسي – الفراش

المطبخ – الحمام – الستارة – الشجر – الغصن – الفاكهة

الأب – الأم – الأخ – الأخت – الإبن – الولد – البنت

تمرین - ٥ (إعادة الأخبار)

صغير – صغيرة – كبير – كبيرة – طويل – طويلة – قصير

قصيرة – جديد – جديدة – قديم – قديمة – جيد – جيدة

ردئ – رديئة – مسرور – مسرورة – نشيط – نشيطة – قوي

قوية – ضعيف – ضعيفة – سمينٌ – سمينةٌ

(١) تمرین ٣ میں ضمیر منفصل اور متصل دونوں کو دکھایا گیا ہے استاذ محترم مختصر سادہ لفظوں میں یہ فرق بیان کردیں کہ "أنا، أنت الخ" والی ضمیریں ہمیشہ علاحدہ اسی طرح استعمال ہوتی ہیں اور دوسری سطر کی ضمیریں "ي، ك، الخ" ہمیشہ کسی اسم سے متصل ہو کر مستعمل ہوتی ہیں۔ اور تمرین ٤ و ٥ میں مبتدا و خبر کو سمجھا کر تذکیر و تانیث کا لحاظ کراتے ہوئے تمرین ٤ کے مبتدا کو تمرین ٥ میں ذکر کردہ خبر سے ملا کر لکھائیں۔

مُنَزِّلٌ – مُنَزِّلَةٌ – مسلمٌ – مسلمةٌ – حَاضِرٌ – حاضرة

غالب – غالبة – واقف – واقفة – غاضب – غاضبة

الدرس التاسع (☆)

جُنَيْنَةٌ – زَهْرَةٌ – بِرْكَةٌ – سَمَكَةٌ – سُوْرٌ – مُرْتَفِعٌ

وَرْدٌ – فُلٌّ – بَنَفْسَجٌ – بُسْتَانِيٌّ – نَهْرٌ

هٰذِهٖ جُنَيْنَةُ حَامِدٍ – هٰذَاسُوْرُ الْجُنَيْنَةِ – هٰذَابَابُ الْجُنَيْنَةِ

فِيْ جُنَيْنَةِ حَامِدٍ: شَجَرٌ – وَرْدٌ – زَهْرٌ – بِرْكَةٌ – سَمَكَةٌ

هٰذَا نَهْرُ الْجُنَيْنَةِ – هٰذَا بُسْتَانِيُّ الْجُنَيْنَةِ – ذٰلِكَ وَلَدُ الْبُسْتَانِيِّ

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق ۹ میں مندرجۂ ذیل امور کی طرف توجہ دی جائے۔

۱ کبھی کبھی صرف اسم اشارہ "هٰذا، هٰذِهٖ، ذٰلكَ، تِلْكَ" وغیرہ مبتدا ہوتے ہیں اور مضاف ومضاف الیہ دونوں مل کر خبر ہوتے ہیں (مبتدا مفرد، خبر مرکب) جیسے "هٰذا سور الجنينة" (یہ باغیچے کی چہار دیواری ہے)

۲ ایسی صورت میں جب کہ مبتدا اسم اشارہ اور خبر مضاف ومضاف الیہ سے مرکب ہو تو مضاف ہمیشہ اسم اشارہ کے مطابق ہوگا، یعنی اسم اشارہ اگر مذکر ہے تو مضاف مذکر، اور اگر اسم اشارہ مونث ہے تو مضاف بھی مونث ہوگا۔ جیسے: "هٰذا نَهْرُ الْجُنَيْنَةِ" میں "هٰذا" اور "نَهْرٌ" دونوں مذکر ہیں اور "هٰذِهٖ شجرةُ الورد" میں "هٰذه" اور "شجرة" دونوں مذکر ہیں۔

"جُنَيْنَةُ حَامِدٍ كَبِيرَةٌ" یہاں سے مستقل طور پر مندرجۂ ذیل باتیں سمجھائی جائیں۔

۳ "جُنَيْنَةُ حَامِدٍ كَبِيْرَةٌ" میں "جُنَيْنَةُ" مضاف ہے اور "حامدٍ" مضاف الیہ ہے اور یہ دونوں مل کر مبتدا ہیں اور "كَبِيْرَةٌ" خبر ہے۔ (مبتدا مرکب اور خبر مفرد ہے)

مضاف: وہ اسم ہے جس کی اضافت دوسرے اسم کی طرف کی جائے۔

مضاف الیہ: وہ اسم ہے جس کی طرف کسی اسم کی اضافت کی جائے، جیسے: "جنينةُ حامدٍ" میں "جنينةُ" کی اضافت "حامدٍ" کی طرف کی گئی ہے، اس لیے "جنينةُ" مضاف، اور "حامدٍ" مضاف الیہ ہے۔

۴ مضاف پر کبھی الف لام داخل نہیں ہوتا۔

۵ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے (اس پر زیر آتا ہے)

۶ جب مضاف ومضاف الیہ دونوں مل کر مبتدا ہوں اور خبر تیسرا لفظ ہو تو خبر ہمیشہ مضاف کے مطابق ہوگی (مضاف اگر مذکر ہے تو خبر مذکر، مضاف اگر مونث ہے تو خبر مونث ہوگی) جیسے: "جنينة حامدٍ كبيرةٌ" میں "كبيرةٌ" "جنينةُ" کے مطابق ہے اور "بابُ الجنينةِ مفتوحٌ" میں "مفتوحٌ" "بابٌ" کے مطابق ہے۔

هٰذِهٖ شَجَرَةُ وَرْدٍ – تِلْكَ شَجَرَةُ تُفَّاحٍ – هٰذِهٖ زَهْرَةُ بَنَفْسَجٍ

تِلْكَ زَهْرَةُ فُلٍّ – هٰذِهٖ بِرْكَةُ الْجُنَيْنَةِ – تِلْكَ سَمَكَةُ الْبِرْكَةِ

جُنَيْنَةُ حَامِدٍ كَبِيْرَةٌ – بَابُ الْجُنَيْنَةِ مَفْتُوْحٌ – بُسْتَانِيُّ الْجُنَيْنَةِ نَشِيْطٌ

وَلَدُالْبُسْتَانِيِّ صَغِيْرٌ – سُوْرُ الْجُنَيْنَةِ مُرْتَفِعٌ – شَجَرَةُ الْوَرْدِ صَغِيْرَةٌ

زَهْرَةُ الْبَنَفْسَجِ جَمِيْلَةٌ – زَهْرَةُ الْفُلِّ جَمِيْلَةٌ – بِرْكَةُ الْجُنَيْنَةِ كَبِيْرَةٌ

محادثة

أَيْنَ شَجَرَةُ الوردِ؟	شَجرةُ الوردِ في جنينةٍ
في جُنَيْنَةِ مَنْ؟	في جُنَيْنَةِ حامدٍ – (في جنينتي)
كيفَ جُنَيْنَةُ حامدٍ؟	جُنَيْنَةُ حامدٍ كبيرةٌ
مَنْ في جنينة حامدٍ؟	في جُنَينةِ حامدٍ ولَدُ البُستانيِّ

نواں سبق

باغیچہ	پھول	حوض، تالاب	مچھلی	چہار دیواری	بلند
گلاب	چنبیلی	بنفشہ	مالی	نہر	

یہ حامد کا باغیچہ ہے	یہ باغیچے کی چہار دیواری ہے	یہ باغیچے کا دروازہ ہے
حامد کے باغیچے میں درخت ہے	گلاب ہے پھول ہے تالاب ہے	مچھلی ہے
یہ باغیچے کی نہر ہے	یہ باغیچے کا مالی ہے	وہ مالی کا لڑکا ہے
یہ گلاب کا درخت ہے	وہ سیب کا درخت ہے	یہ بنفشے کا پھول ہے
وہ چنبیلی کا پھول ہے	یہ باغیچے کا تالاب ہے	وہ تالاب کی مچھلی ہے
حامد کا باغیچہ بڑا ہے	باغیچے کا دروازہ کھلا ہوا ہے	باغیچے کا مالی چست ہے
مالی کا لڑکا چھوٹا ہے	باغیچے کی چہار دیواری بلند ہے	گلاب کا درخت چھوٹا ہے
بنفشے کا پھول خوب صورت ہے	چنبیلی کا پھول خوب صورت ہے	باغیچے کا تالاب بڑا ہے

گفتگو (بات چیت)

گلاب کا درخت کہاں ہے؟	گلاب کا درخت باغیچے میں ہے

کس کے باغیچے میں؟ — حامد کے باغیچے میں، میرے باغیچے میں

حامد کا باغیچہ کیسا ہے؟ — حامد کا باغیچہ بڑا ہے

حامد کے باغیچے میں کون ہے؟ — حامد کے باغیچے میں مالی کا لڑکا ہے

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
جُنَيْنَةٌ ، ج ، جُنَيْنَاتٌ	باغیچہ	زَهْرٌ وزَهْرَةٌ ، ج ، أَزْهَارٌ	پھول
بِرْكَةٌ ، ج ، بِرَكٌ	تالاب، حوض	سَمَكَةٌ وسَمَكٌ ، ج ، أَسْمَاكٌ	مچھلی
سُورٌ ، ج ، أَسْوَارٌ	چہار دیواری	وَرْدٌ ، واحد ، وَرْدَةٌ	گلاب
فُلٌّ ، واحد ، فُلَّةٌ	چنبیلی	بَنَفْسَجٌ ، واحد ، بَنَفْسَجَةٌ	بنفشہ
بُسْتَانِيٌّ ، ج ، بُسْتَانِيُّونَ	مالی، باغبان	نَهْرٌ ، ج ، أَنْهَارٌ	نہر

تمرین - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

هٰذه حجرةُ المؤذّنِ　　هٰذا جدارُ المسجدِ　　ذٰلك قلم التّلميذةِ　　تلك نافذةُ الفصل

حقيبةُ التلميذ جديدةٌ　　منظرُ المسجد جميلٌ　　مكتبةُ الجامعةِ واسعةٌ　　موظّفُ المدرسة نشيطٌ

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

یہ استاذ کا لڑکا ہے　　وہ مسجد کی گھڑی ہے　　یہ مدرسے کا گیٹ ہے　　وہ تالاب کا پانی ہے

مسجد کا مینار بلند ہے　　اسٹیشن کا قلی طاقتور ہے　　کتاب کا غلاف نیا ہے　　استاذ کا کمرہ کشادہ ہے

تمرین - ۳

خالی جگہوں کو مناسب کلمات سے پُر کریں

هٰذه .... الفصلِ　　ذٰلك .... التلميذ　　هٰذا .... المدرسة　　تلك .... البركة

محطّة المدينةِ ....　　فرّاش المكتب ....　　.... نشيطٌ　　.... جميلةٌ

☆

الدرس العاشر (☆)

أَيْنَ أَنْتَ يَا خَالِدُ؟ — أَنَا أَمَامَ الْبَابِ

أَيْنَ أَنْتِ يَا سُعَادُ؟ — أَنَا وَرَاءَ السَّتَارَةِ

أَيْنَ الْجُنَيْنَةُ؟ — الْجُنَيْنَةُ خَلْفَ الْبَيْتِ

أَيْنَ مَكْتَبُ مَاجِدٍ؟ — مَكْتَبُ مَاجِدٍ بِجِوَارِ السَّبُّورَةِ

أَيْنَ سَلَّةُ الْمُهْمَلَاتِ؟ — سَلَّةُ الْمُهْمَلَاتِ تَحْتَ الْمَكْتَبِ

أَيْنَ قَلَمُ الرَّصَاصِ؟ — قَلَمُ الرَّصَاصِ فَوْقَ الْمَكْتَبِ

أَيْنَ قَلَمُ الْحِبْرِ؟ — قَلَمُ الْحِبْرِ فَوْقَ الْمَكْتَبِ

أَيْنَ قَلَمُ الرَّصَاصِ؟ — قَلَمُ الرَّصَاصِ فِي جَيْبِ حَامِدٍ

تمرين

أَنَا تِلْمِيذٌ ، اِسْمِي خَالِد ، هٰذه كُرَّاسَتِي

كُرَّاسَتِي جَمِيلَةٌ – وَرَقُ الْكُرَّاسَةِ جَيِّدٌ

هٰذَا كِتَابِي – كِتَابِي جَمِيلٌ – كِتَابِي مُفِيدٌ

وَرَقُ الْكِتَابِ أَبْيَضُ – غِلَافُ الْكِتَابِ أَصْفَرُ

محادثة

مَاهٰذِه؟ – هٰذه كُرَّاسَةُ حامد

أَيْنَ كُرَّاسَةُ حَامِدٍ؟ – كُرَّاسَة حامد فوق المكتبِ

كيف غلافُ الكتابِ؟ – غلافُ الكتاب أصفرُ

(☆) **طریقۂ تدریس وتمرین**

سبق ھٰذا میں خبر کو بصورت ظرف ذکر کیا گیا ہے، اس لیے بغیر کسی تفصیل کے صرف مندرجہ ذیل باتیں طلبہ کو بتائی جائیں۔

۱ أمام، وراء، خلف، تحت، یہ سب کلمات ظرف کہلاتے ہیں۔

۲ یہ ہمیشہ اسی طرح ایک زبر کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں، البتہ اگر ان کلمات کے بعد "ی" آئے تو ان کلمات پر زیر آجائے گا جیسے أمامي (میرے سامنے) "ورائي" (میرے پیچھے)

دسواں سبق

اے خالد! تو کہاں ہے؟	میں دروازے کے سامنے ہوں
اے سعاد! تو کہاں ہے؟	میں پردے کے پیچھے ہوں
باغیچہ کہاں ہے؟	باغیچہ گھر کے پیچھے ہے
ماجد کی میز کہاں ہے؟	ماجد کی میز چار پائی کے برابر میں ہے
ردّی کی ٹوکری کہاں ہے؟	ردّی کی ٹوکری میز کے نیچے ہے
لیڈ پنسل کہاں ہے؟	لیڈ پنسل میز کے اوپر ہے
فونٹن پن کہاں ہے؟	فونٹن پن میز کے اوپر ہے
لیڈ پنسل کہاں ہے؟	لیڈ پنسل حامد کے جیب میں ہے

تمرین

میں طالب علم ہوں	میرا نام خالد ہے	یہ میری کاپی ہے
میری کاپی خوب صورت ہے	کاپی کا کاغذ عمدہ ہے	یہ میری کتاب ہے
میری کتاب خوب صورت ہے	میری کتاب مفید ہے	کاپی کا کاغذ سفید ہے
	کتاب کا کور زرد ہے	

گفتگو (بات چیت)

یہ کیا ہے؟	یہ حامد کی کاپی ہے
حامد کی کاپی کہاں ہے؟	حامد کی کاپی میز کے اوپر ہے
کتاب کا کور کیسا ہے؟	کتاب کا کور پیلا ہے

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
أمَامَ	سامنے	وَرَاءَ	پیچھے
خَلْفَ	پیچھے	جِوَارٌ	پڑوس، برابر
سَلَّةٌ ، ج ، سَلَّاتٌ	ٹوکری	مُهْمَلَاتٌ، واحد، مُهْمَلَةٌ	ردی، بے کار چیز
تَحْتَ	نیچے	رَصَاصٌ، واحد، رَصَاصَةٌ	چھرا، گولی
قَلَمُ الرَّصَاصِ	جھرّے والا قلم، لیڈ پنسل	حِبْرٌ ، ج ، أحْبَارٌ	روشنائی، سیاہی
قَلَمُ الْحِبْرِ	روشنائی والا قلم، فونٹن پن	جَيْبٌ ، ج ، جُيُوبٌ	جیب، پاکٹ
تَمْرِيْنٌ، ج ، تَمْرِيْنَاتٌ	مشق	غِلَافٌ ، ج ، غُلُفٌ	غلاف، کور

تمرین - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

وَرَاءَ المكتبةِ فصلٌ	بجوارِ المسجد حوضٌ	فوقَ السَّقْفِ عامِلٌ
خلف المدرسةِ سُوقٌ	كأسُ الزُّجاج تحتَ السَّرير	كتاب التِلميذ فوق المكتب
خزّان الماءِ خلفَ المسجد	دُكّان الفاكهانيّ وراء المدرسة	

تمرین - ٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

استاذ کا گھر مسجد کے پیچھے ہے	میرا کمرہ مسجد کے سامنے ہے	خالد کی کاپی میز کے اوپر ہے
مالی کا لڑکا درخت کے نیچے ہے	درخت کے برابر میں مالی کا گھر ہے	دیوار کے پیچھے درخت ہے
چھت کے اوپر کمرہ ہے	گھر کے سامنے گلاب کا درخت ہے	

الدّرس الحادي عشر (☆)

عِنْدِيْ فِنْجَانٌ صَغِيْرٌ　　　　عِنْدَكَ كُوْبٌ كَبِيْرٌ

(☆) طریقۂ تدریس و تمرین

سبق (١١) میں مرکب اضافی اور مرکب توصیفی دونوں کا تذکرہ ہے، مرکب اضافی کا بیان گذر چکا ہے۔ اس لیے مرکب توصیفی درج ذیل مختصر تشریح کی جائے۔

١ "فنجانٌ صغيرٌ" مرکب توصیفی ہے (موصوف اور صفت سے مرکب ہے)

٢ موصوف: وہ اسم ہے جس کی کوئی صفت بیان کی جائے۔

٣ صفت: وہ کلمہ جس کے ذریعہ صفت بیان کی جائے، جیسے: "فِنْجَانٌ صَغِيْرٌ" (چھوٹی پیالی) میں "فنجانٌ" موصوف ہے اس لیے کہ اس کی یہ صفت بیان کی جارہی ہے کہ وہ چھوٹی ہے۔ اور چھوٹی ہونے کی صفت لفظ "صَغِيْرٌ" سے بیان کی جارہی ہے اس لیے "صَغِيْرٌ" صفت ہے۔

٤ عربی میں موصوف پہلے اور صفت بعد میں آتی ہے اور اردو میں اس کے برعکس ہوتا ہے یعنی صفت کا ترجمہ پہلے اور موصوف کا بعد میں ←

عِنْدِيْ عَصِيْرٌ قَلِيْلٌ — عِنْدَكَ لَبَنٌ كَثِيْرٌ

عِنْدَهُ شَايٌ حَارٌّ — عِنْدَهَا مَاءٌ بَارِدٌ

اَلْفِنْجَانُ الصَّغِيْرُ — اَلْكُوْبُ الْكَبِيْرُ

اَلْعَصِيْرُ الْقَلِيْلُ — اَللَّبَنُ الْكَثِيْرُ

اَلشَّايُ الْحَارُّ — اَلْمَاءُ الْبَارِدُ

محادثة

أين الفنجان الصغير ؟ — الفنجان الصغير عندي (حامد)

أين العصير القليل ؟ — العصير القليل عندي (سلمى)

أين اللبن الكثير ؟ — اللبن الكثير عندكَ (حامد)

أين الشاي الحار ؟ — الشاي الحار عندكِ (سلمى)

أين الماء البارد ؟ — الماء البارد عنده (خالد)

أين الكوب الكبير ؟ — الكوب الكبير عندها (زينب)

أسئلة

ماذا عندك يا حامد ؟ — ماذا في الفنجان الصغير ؟

ماذا عندكِ يا سلمى ؟ — ماذا في الكوب الكبير ؟

گیارہواں سبق

میرے پاس ایک چھوٹی پیالی ہے — تمہارے پاس ایک بڑا پیالہ ہے

→ ہوتا ہے، جیسے: "الفنجانُ الصغیرُ" (چھوٹی پیالی)

۱۔ موصوف اگر مذکر ہے تو صفت بھی مذکر، اور موصوف اگر مؤنث ہے تو صفت بھی مؤنث ہوگی، جیسے: "الفنجانُ الصغیرُ" "الکرّاسۃ الجدیدۃ" پہلی مثال میں دونوں مذکر اور دوسری مثال میں دونوں مؤنث ہیں۔

۲۔ موصوف پر اگر الف لام داخل ہے تو صفت پر بھی الف لام آئے گا اور اگر موصوف پر الف لام نہیں ہے تو صفت پر بھی الف لام نہیں آئے گا، جیسے: "الفنجانُ الصغیرُ، فنجانٌ صغیرٌ"

۳۔ موصوف اور صفت دونوں کا اعراب بھی ایک ہوگا (یا تو دونوں پر پیش، یا دونوں پر زیر، یا دونوں پر زبر آئے گا)

۴۔ اس سبق میں ایک لفظ "عِنْدَ" آیا ہے اس لفظ کے بعد اگر "ی" آجائے تو دال پر زیر آجائے گا، جیسے: "عِنْدِیْ" (میرے پاس) ورنہ ہمیشہ زبر رہے گا۔ جیسے: "عِنْدَہٗ، عِنْدَکَ، عِنْدَ زَیْدٍ" وغیرہ۔

میرے پاس تھوڑا جوس (رس) ہے — تمہارے پاس زیادہ دودھ ہے

اس کے پاس گرم چائے ہے — اس (عورت) کے پاس ٹھنڈا پانی ہے

چھوٹی پیالی، بڑا پیالہ، تھوڑا جوس، زیادہ دودھ، گرم چائے، ٹھنڈا پانی

گفتگو (بات چیت)

چھوٹی پیالی کہاں ہے ؟ — چھوٹی پیالی میرے (حامد) کے پاس ہے

تھوڑا جوس کہاں ہے ؟ — تھوڑا جوس میرے (سلمٰی) کے پاس ہے

زیادہ دودھ کہاں ہے ؟ — زیادہ دودھ تیرے (حامد) کے پاس ہے

گرم چائے کہاں ہے ؟ — گرم چائے تیرے (سلمٰی) کے پاس ہے

ٹھنڈا پانی کہاں ہے ؟ — ٹھنڈا پانی اس کے (خالد) کے پاس ہے

بڑا پیالہ کہاں ہے ؟ — بڑا پیالہ اس کے (زینب) کے پاس ہے

سوالات

اے حامد! تمہارے پاس کیا ہے ؟ — چھوٹی پیالی میں کیا چیز ہے ؟

اے سلمٰی! تمہارے پاس کیا ہے ؟ — بڑے پیالے میں کیا چیز ہے ؟

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
عِنْدَ	پاس	فِنْجَانٌ ، ج ، فَنَاجِيْنُ	پیالی
كُوْبٌ ، ج ، أكْوَابٌ	پیالہ	عَصِيْرٌ	رس، جوس
لَبَنٌ ، ج ، أَلْبَانٌ	دودھ	شَايٌ	چائے
حَارٌّ	گرم	مَاءٌ ، ج ، مِيَاهٌ	پانی

تمرين - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

عِنْدَ خَالِدٍ قَلَمٌ جميلٌ — الحقيبةُ الجديدة عندكَ — عندي مِرآةٌ لامِعَةٌ

الساعةُ الرَّخيصةُ عنده — عندكِ مِحْبَرَةٌ صَغيرةٌ — اللُّعبةُ الكبيرةُ عندَ سلمى

عندها كتاب نافع — الفائع اللذيذ عند الفاكهي — عند حامد سيارة سريعة

تمرين - ٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

قیمتی گھڑی میرے پاس ہے — میرے پاس نیا پنکھا ہے — پرانا بستہ اُس (مونث) کے پاس ہے
راشد کے پاس خوب صورت سائیکل ہے — نیا کپڑا زینب کے پاس ہے — عائشہ کے پاس چھوٹا صندوق ہے
میرے پاس قیمتی رومال ہے — تیرے (مونث) پاس گرم پانی ہے — گلاب کا پھول حامد کے پاس ہے

تمرين - ٣

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں

عند خديجة..... — السيّارة القديمة..... — عندك.....
.....عندي — .....عندك — .....عندها
الكتابُ المفيد..... — المروحة الجميلة..... — الكرسيُّ المُريح.....

الدرس الثاني عشر(☆)

محادثة

س - مَنْ أَنْتَ ؟ ج - أَنَا تِلْمِيْذٌ
س - مَا اسْمُكَ ؟ ج - إِسْمِيْ خَالِدٌ
س - أَيْنَ بَيْتُكَ ؟ ج - بَيْتِيْ أَمَامَ الْمَسْجِدِ
س - كَيْفَ بَيْتُكَ ؟ ج - بَيْتِيْ جَمِيْلٌ - نَظِيْفٌ
س - إِلَى أَيْنَ ذَاهِبٌ أَنْتَ ؟ ج - أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
س - أَيْنَ مَدْرَسَتُكَ ؟ ج - مدرستي بجوارِ المسجد
س - كَيْفَ مدرستك ؟ ج - مَدْرَسَتِيْ كَبِيْرَةٌ - مَشْهُوْرَةٌ
س - كَيْفَ أُسْتَاذُكَ ؟ ج - أُسْتَاذِيْ شَفِيْقٌ

(☆)طريقة تدريس وتمرين

گزشتہ اسباق کی روشنی میں چند نئے الفاظ کے ساتھ اس سبق میں ایک محاورہ ذکر کیا گیا ہے، کوئی نیا قاعدہ بیان کرنے کے بجائے اسی نہج پر مزید محاورے کی عادت ڈالی جائے۔

س - مَاذَا بِيَدِكَ ؟ ج - بِيَدِيْ مِخْفَظَةٌ
س - مَاذَا فِي الْمِخْفَظَةِ ؟ ج - فِي الْمِخْفَظَةِ: بَرَّايَةٌ - مِمْحَاةٌ
س - هَلْ فِيْ الْمِخْفَظَةِ كِتَابٌ؟ ج - نَعَمْ فِي الْمِخْفَظَةِ كِتَابٌ أَيْضًا
س - مَاذَا عَلَى الْكِتَابِ ؟ ج - عَلَى الْكِتَابِ غِلَافٌ
س - كَيْفَ غِلَافُ الْكِتَابِ ؟ ج - غِلَافُ الْكِتَابِ صَقِيْلٌ

بارھواں سبق

تم کون ہو ؟ میں طالب علم ہوں
تمہارا نام کیا ہے ؟ میرا نام خالد ہے
تمہارا گھر کہاں ہے ؟ میرا گھر مسجد کے سامنے ہے
تمہارا گھر کیسا ہے ؟ میرا گھر خوب صورت ہے، صاف ستھرا ہے
تم کہاں جارہے ہو ؟ میں مدرسے جارہا ہوں
تمہارا مدرسہ کہاں ہے ؟ میرا مدرسہ مسجد کے بغل میں ہے
تمہارا مدرسہ کیسا ہے ؟ میرا مدرسہ بڑا ہے، مشہور ہے
تمہارے استاذ کیسے ہیں ؟ میرے استاذ مہربان ہیں
تمہارے ہاتھ میں کیا ہے ؟ میرے ہاتھ میں بستہ ہے
بستے میں کیا چیز ہے ؟ بستے میں قلم تراش ہے، ربڑ ہے
کیا بستے میں کتاب ہے ؟ ہاں! بستے میں کتاب بھی ہے
کتاب پر کیا ہے ؟ کتاب پر کوَر ہے
کتاب کا کوَر کیسا ہے ؟ کتاب کا کوَر چمک دار ہے

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
نَظِيْفٌ	صاف ستھرا	شَفِيْقٌ	مہربان
يَدٌ ، ج ، ايدي	ہاتھ	مِخْفَظَةٌ ، ج ، مَخَافِظُ	بستہ

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
بَرّايةٌ	قلم تراش	مِنْحاةٌ ، ج ، مَناحٍ	ربڑ
غِلافٌ ، ج ، أغْلِفةٌ	کور	صَقِيلٌ	چمک دار

تمرین-١

مندرجہ ذیل جملوں کے عربی میں جواب لکھیں

من في هذه الحجرة؟ — كيف ذلك الفنجان؟ — اين بُستانيّ الجنينة؟

ماذا في تلك البركة؟ — اين قلمك؟ — من واقفٌ في البيت؟

اين أمّك؟ — كيف تلك السّتارةُ؟ — ماذا على المكتب؟

الدّرس الثّالث عشر المسجد (☆)

هٰذا مَسْجِدٌ ، بَابُه كَبِيْرٌ ، فِنَاؤُه وَاسِعٌ ، سَقْفُه مُرْتَفِعٌ ، مِئْذَنَتُه عَالِيَةٌ ، قُبَّتُه جَمِيْلَةٌ ، فِي الْمَسْجِدِ حَوْضٌ ، فِي الْحَوْضِ سَمَكٌ ، لَوْنُه أَحْمَرُ وَأَصْفَرُ وَأَزْرَقُ.

فِي الْفِنَاءِ شَجَرَةُ وَرْدٍ ، وَعَمُوْدُ كَهْرَبَاءٍ ، بِجِوَارِ الشَّجَرَةِ حُجْرَةٌ صَغِيْرَةٌ ، الْحُجْرَةُ الصَّغِيْرَةُ لِلْمُؤَذِّنِ ، بِجِوَارِ الْبَابِ حُجْرَةٌ كَبِيْرَةٌ ، تِلْكَ الْحُجْرَةُ الْكَبِيْرَةُ لِإِمَامِ الْمَسْجِدِ ، مِفْتَاحُ الْحُجْرَةِ الصَّغِيْرَةِ عِنْدَ الْمُؤَذِّنِ ، وَمِفْتَاحُ الْحُجْرَةِ الْكَبِيْرَةِ عِنْدَ الْإِمَامِ.

لِحُجْرَةِ الْإِمَامِ بَابٌ وَنَافِذَةٌ ، الْبَابُ مُقْفَلٌ وَالنَّافِذَةُ مَفْتُوْحَةٌ ، عَلَى النَّافِذَةِ سِتَارَةٌ جَمِيْلَةٌ.

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق (١٣) میں سابقہ تراکیب ہی کا اعادہ ہے، البتہ دو اہم چیزیں ذکر کر دی جائیں۔

١۔ اگر جملے میں کوئی اسم مذکور ہو اور پھر اسی اسم کے متعلق کچھ ذکر کرنا ہو تو اسم کا اعادہ کرنے کے بجائے ضمیر لاتے ہیں۔ جیسے: "هٰذا مسجدٌ" (یہ مسجد ہے) اس جملے میں "مسجد" مذکور ہے، اب ہمیں اسی اسم (مسجد) کے متعلق یہ کہنا ہے کہ مسجد کا دروازہ بڑا ہے، تو "باب المسجد كبير" کہنے کے بجائے "ضمیر" لائیں گے اور کہیں گے "بابه كبير"۔ یہ ضمیر اسی اسم کی طرف لوٹے گی، اور اسی اسم کے مطابق ہوگی، اگر جملے میں مذکور اسم مذکر ہے تو ضمیر مذکر، اور اگر وہ اسم مؤنث ہے تو ضمیر مؤنث آئے گی۔ جیسے: "هٰذه مدرسة" (یہ مدرسہ ہے) "أستاذها عطوف" (اس کے استاذ رحم دل ہیں) اس مثال میں "مدرسة" کے مؤنث ہونے کی وجہ سے ضمیر مؤنث (ها) لائی گئی ہے اور پہلی مثال میں "مسجد" کے مذکر ہونے کی وجہ سے ضمیر (ہ) مذکر ہے۔

٢۔ جب جملے میں جار مجرور پہلے ہو تو اس کے بعد آنے والا اسم مذکر و مؤنث دونوں ہو سکتا ہے جیسے: "في الفصل تلميذٌ" و "في الفصل منضدةٌ" اسی طرح جار مجرور کے بعد آنے والا اسم مفرد بھی ہو سکتا ہے، جیسے مثال مذکور میں "تلميذ" اور "منضدة" اور مرکب اضافی اور مرکب توصیفی بھی، مرکب اضافی جیسے: "في الفناء شجرةُ وردٍ" اور مرکب توصیفی جیسے "في المسجد ساعةٌ دقّاقةٌ" وغیرہ۔

فِي الْمَسْجِدِ سَاعَةٌ دَقَّاقَةٌ ، وَسَجَّادَةٌ فَاخِرَةٌ ، وَمِصْبَاحُ كَهْرَبَاءٍ ، وَمِنْبَرٌ عَالٍ ، وَمِرْوَحَةُ سَقْفٍ ، أَمَامَ الْمَسْجِدِ حَدِيْقَةٌ ، لَهَا بُسْتَانِيٌّ نَشِيْطٌ.

تیرہواں سبق (مسجد)

یہ مسجد ہے، اس کا دروازہ بڑا ہے، اس کا صحن کشادہ ہے، اس کی چھت اونچی ہے، اس کا مینارہ بلند ہے، اس کا گنبد خوبصورت ہے، مسجد میں حوض ہے، حوض میں مچھلی ہے، اس کا رنگ سرخ ہے، زرد ہے اور نیلا ہے۔ صحن میں گلاب کا درخت اور بجلی کا کھمبا ہے، درخت کے برابر میں ایک چھوٹا کمرہ ہے، چھوٹا کمرہ مؤذن کے لیے ہے، دروازے کے برابر میں ایک بڑا کمرہ ہے، وہ بڑا کمرہ مسجد کے امام کے لیے ہے، چھوٹے کمرے کی چابی مؤذن کے پاس ہے اور بڑے کمرے کی چابی امام کے پاس ہے، امام کے کمرے کا ایک دروازہ اور ایک کھڑکی ہے، دروازہ بند ہے اور کھڑکی کھلی ہوئی ہے، کھڑکی پر ایک خوبصورت پردہ ہے، مسجد میں ایک دیوار گھڑی ہے، نفیس جانماز ہے، بجلی کا بلب ہے، منبر ہے اور چھت کا پنکھا ہے، مسجد کے سامنے ایک باغ ہے، اس کا ایک چست مالی ہے۔

لغات

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فِنَاءٌ ، ج ، أفْنِيَةٌ	صحن	واسِعٌ	کشادہ
سَقْفٌ ، ج ، سُقُوْفٌ	چھت	مُرْتَفِعٌ،عالِيَةٌ، ج،عالِيَاتٌ	بلند،اونچی
مِئْذَنَةٌ ، ج ، مَآذِنُ	مینار،منارہ	لَوْنٌ ، ج ، ألْوانٌ	رنگ
قُبَّةٌ ، ج ، قُبَبٌ	گنبد	أصْفَرُ	زرد، پیلا
أحْمَرُ	سرخ، لال	عَمُوْدٌ، ج،أعْمِدَةٌ، وعُمُدٌ	ستون،کھمبا
أزْرَقُ	نیلا	مُؤَذِّنٌ، ج، مُؤَذِّنُوْنَ	مؤذن
كَهْرَبَاءٌ	بجلی	مِفْتَاحٌ، ج، مَفَاتِيْحُ	چابی
إمَامٌ، ج، أئِمَّةٌ	امام	سَاعَةٌ دَقَّاقَةٌ، ج، سَاعَاتٌ	دیوار گھڑی،گھنٹہ
مُقْفَلٌ	بند	فَاخِرَةٌ	شاندار،نفیس
سَجَّادَةٌ، ج ، سَجَاجِيْدُ	جانماز،قالین	مِنْبَرٌ ، ج ، مَنَابِرُ	منبر
مِصْبَاحٌ، ج، مَصَابِيْحُ	بلب		

تمرین-۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کرو

هذا تلميذٌ قلمهٗ جديدٌ	هذه بنتٌ خمارها ثمينٌ	تلك مدرسةٌ سيّارتها جديدةٌ
في المدرسة مكتبُ المدير	بجوار المسجد دكّان الشاي	لسيّارة المدرسة سائقٌ ماهرٌ
على المنضدة كرّاسةُ خالدٍ	ذلك بيتٌ بابه مفتوحٌ	تلك كرّاسة حامدٍ ورقها رديءٌ

تمرین-۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

یہ باغیچہ ہے اس کا مالی چست ہے	باغیچے کے برابر میں ایک کسان کا کھیت ہے	یہ کھڑکی ہے اس کا پردہ نیا ہے
دکان کے لیے ایک طاقت ور ملازم ہے	میدان میں ایک ماہر کھلاڑی ہے	یہ دفتر ہے اس کا چپراسی سست ہے
وہ استاذ ہیں ان کا کمرہ کشادہ ہے	درس گاہ میں مدرسے کا طالب علم ہے	درس گاہ کی چابی استاذ کے پاس ہے

تمرین-۳

(اكتب الجواب بالعربية) عربی میں جواب لکھو

بابُ أيِّ شيءٍ هذا؟	كيف هذا المسجدُ؟	أفي هذا المسجدِ حوضٌ؟
ماذا في الحوضِ؟	ما لونُ السّمكِ؟	أين السّمكُ الأصفرُ؟
لمن هذه الحجرةُ؟	الحجرةُ الكبيرةُ لمن؟	الحجرةُ الصغيرةُ لمن؟
هل الحجرةُ الكبيرةُ للمؤذّنِ؟	هل الحجرةُ الصغيرةُ للإمامِ؟	أين مفتاحُ هذه الحجرةِ؟
ماذا على النافذةِ؟	كيف المئذنةُ؟	كيف القبّةُ؟
كيف القناةُ؟	ماذا أمامَ المسجدِ؟	أمامَ المسجدِ سوقٌ؟
أمامَ المسجدِ حديقةٌ؟	هل الحديقةُ أمامَ المسجدِ؟	هل السّوقُ خلفَ المسجدِ

تمرین-۴

(املأ الفراغ بوضع موصوف) موصوف لاکر خالی جگہ پُر کرو

......واسعٌ	......الواسعُ	......عاليةٌ	......العاليةُ
......أزرقُ	......أصفرُ	......أحمرُ	......جميلٌ
......متينٌ	......المتينُ	......فاخرةٌ	......الفاخرةُ

تمرین-۵

(املأ الفراغ بوضع صفة) صفت لاکر خالی جگہ پُر کرو

القناةُ	الحوضُ....	السّمكُ	المئذنةُ ....
المنبرُ....	السّجّادةُ	البابُ	النافذةُ ....
المصباحُ	المؤذّنُ	الإمامُ	الحديقةُ ....

تمرین-۶

(أكمل الجمل) جملے مکمل کرو

بجوارِ الشّجرةِ	بجوارِ الحوضِ	بجوارِ المسجدِ ....
لونُ السّمكِ	حجرةُ المؤذّنِ	حجرةُ الإمامِ ....

الدرس الرابع عشر (☆)

هٰذا بيتٌ واسعٌ	اَلْبيتُ الواسعُ نظيفٌ
ذٰلك بيتٌ ضيّقٌ	اَلْبيتُ الضيّقُ قذرٌ

(☆) طریقہ تدریس وتمرین

سبق (۱۴) میں مندرجہ ذیل امور کی طرف اشارہ کیا جائے اور تختہ سیاہ پر مثالوں سے سمجھایا جائے۔

۱۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اسم اشارہ تنہا مبتدا واقع ہوتا ہے اور موصوف صفت دونوں مل کر خبر واقع ہوتے ہیں، جیسے: "هٰذا بيتٌ واسعٌ" (یہ ایک کشادہ گھر ہے) ایسی صورت میں اسم اشارہ اور موصوف صفت تینوں تذکیر وتانیث میں مطابق ہوں گے، جیسے مثال مذکور میں: "هٰذا، بيتٌ، واسعٌ" تینوں مذکر ہیں، اور هٰذهٖ مدرسةٌ قديمةٌ" میں اسم اشارہ اور موصوف وصفت تینوں مؤنث ہیں۔

۲۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ موصوف صفت دونوں مل کر مبتدا ہوتے ہیں اور خبر کوئی تیسرا لفظ ہوتا ہے، اس صورت میں بھی تینوں الفاظ تذکیر وتانیث کے اعتبار سے مطابق ہوں گے، جیسے: "البيت الواسع نظيف" میں "البيت الواسع" مبتدا اور "نظيف" خبر ہے، اور تینوں مذکر ہیں اور "المدرسةُ القديمةُ معروفةٌ" (پرانا مدرسہ مشہور ہے) میں تینوں الفاظ مؤنث ہیں۔

۳۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کسی مرد یا عورت کا نام مبتدا کی شکل میں ہوتا ہے، (مرد وعورت کے نام کو "علَم" کہتے ہیں) اور موصوف صفت دونوں مل کر خبر ہوتے ہیں۔ جب مبتدا "علَم" واقع ہو تو اس پر الف لام نہیں آئے گا، جیسے: "خالدٌ تلميذٌ مجتهدٌ" (خالد ایک محنتی طالب علم ہے) "زينبُ تلميذةٌ مجتهدةٌ" (زینب ایک محنتی طالبہ ہے)

۴۔ التمرين العام میں قوسین میں عمداً غیر موزوں لفظ لکھا گیا ہے تاکہ طالب علم کے ذہن پر زور دے کر اس سے مناسب لفظ کا انتخاب کرا کر خالی جگہ پُر کرائی جائے۔

لِلْبَيْتِ الْوَاسِعِ بَابٌ كَبِيْرٌ — الْبَابُ الْكَبِيْرُ لِلْبَيْتِ الْوَاسِعِ
لِلْبَيْتِ الضَّيِّقِ بَابٌ صَغِيْرٌ — الْبَابُ الصَّغِيْرُ لِلْبَيْتِ الضَّيِّقِ
مَحْمُوْدٌ رَجُلٌ صَالِحٌ — الرَّجُلُ الصَّالِحُ مَحْمُوْدٌ
لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ خُلُقٌ حَسَنٌ — الْخُلُقُ الْحَسَنُ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ
هٰذَا تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ — ذٰلِكَ تِلْمِيْذٌ مُهْمِلٌ
التِّلْمِيْذُ الْمُجْتَهِدُ مَحْبُوْبٌ — التِّلْمِيْذُ الْمُهْمِلُ مَذْمُوْمٌ
خَالِدٌ فَلَّاحٌ نَشِيْطٌ — حَامِدٌ فَلَّاحٌ كَسْلَانُ
الْفَلَّاحُ النَّشِيْطُ رَجُلٌ رَابِحٌ — الْفَلَّاحُ الْكَسْلَانُ رَجُلٌ خَاسِرٌ
هٰذِهِ سَاعَةٌ جَدِيْدَةٌ — تِلْكَ سَاعَةٌ قَدِيْمَةٌ
السَّاعَةُ الْجَدِيْدَةُ غَالِيَةٌ — السَّاعَةُ الْقَدِيْمَةُ رَخِيْصَةٌ

أسئلة

أَيُّ بَيْتٍ وَاسِعٌ؟ — أَيُّ تِلْمِيْذٍ مُجْتَهِدٌ؟ — أَيُّ سَاعَةٍ غَالِيَةٌ؟
أَيُّ بَيْتٍ نَظِيْفٌ؟ — أَيُّ تِلْمِيْذٍ مَحْبُوْبٌ؟ — أَيُّ سَاعَةٍ رَخِيْصَةٌ؟

چودہواں سبق

یہ ایک کشادہ گھر ہے — کشادہ گھر صاف ستھرا ہے — وہ ایک تنگ گھر ہے
تنگ گھر گندہ ہے — کشادہ گھر کا ایک بڑا دروازہ ہے — بڑا دروازہ کشادہ گھر کا ہے
تنگ گھر کا ایک چھوٹا دروازہ ہے — چھوٹا دروازہ تنگ گھر کا ہے — محمود ایک نیک شخص ہے
نیک شخص محمود ہے — نیک آدمی کی اچھی عادت ہے — اچھی عادت نیک آدمی کی ہے
یہ ایک محنتی طالب علم ہے — وہ ایک لاپرواہ طالب علم ہے — محنتی طالب علم پسندیدہ ہے
لاپرواہ طالب علم برا ہے — خالد ایک چست کسان ہے — حامد ایک سست کسان ہے
چست کاشت کار کامیاب آدمی ہے — سست کاشت کار گھاٹے والا آدمی ہے — یہ ایک نئی گھڑی ہے
وہ ایک پرانی گھڑی ہے — نئی گھڑی مہنگی ہے — پرانی گھڑی سستی ہے

سوالات

کون سا گھر کشادہ ہے؟ — کون سا طالب علم محنتی ہے؟ — کون سی گھڑی مہنگی ہے؟
کون سا گھر صاف ستھرا ہے؟ — کون سا طالب علم پسندیدہ ہے؟ — کون سی گھڑی سستی ہے؟

لغات

الفاظ	معاني	الفاظ	معاني
ضَيِّقٌ	تنگ	قَذِرٌ	گندہ
مَحْمُوْدٌ	پسندیدہ	خُلُقٌ ، ج ، اَخْلَاقٌ	عادت
مجتهِدٌ ، ج ، مجتهِدُوْنَ	محنتی	مُهْمِلٌ، ج، مُهْمِلُوْنَ	لاپرواہ
فَلَّاحٌ، ج، فَلَّاحُوْنَ	کسان، کاشت کار	رَابِحٌ، ج، رَابِحُوْنَ	کامیاب، نفع اٹھانے والا
خَاسِرٌ، ج، خَاسِرُوْنَ	ناکام، نقصان اٹھانے والا	سَاعَةٌ، ج، سَاعَاتٌ	گھڑی
غَالِيَةٌ، ج، غَالِيَاتٌ	گراں، مہنگی	رَخِيْصَةٌ	سستی

تمرین-۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

هٰذا ورق رخيصٌ — هٰذه حديقةٌ واسعةٌ — ذٰلِكَ دفترٌ صغيرٌ — تلك فاكهةٌ لذيذةٌ
التلميذ المجتهد نشيطٌ — المدينة الكبيرة جميلةٌ — سعاد بنتٌ صالحةٌ — حامدٌ طالبٌ ناجحٌ
للفلّاح النّشيط حقلٌ واسعٌ — للمدرسة المعروفة سيّارةٌ جديدةٌ

تمرین-۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

یہ ایک بڑی گھڑی ہے — وہ ایک بابرکت کتاب ہے — یہ ایک قیمتی جوتا ہے — وہ ایک پرانا کتب خانہ ہے
پرانا کتب خانہ مشہور ہے — نیا پنکھا قیمتی ہے — زینب ایک محنتی طالبہ ہے — زاہد ایک ماہر ڈرائیور ہے
بڑے کتب خانہ کے لیے ایک چست ملازم ہے — پرانے بستے میں ایک نیا قلم ہے

التمرين العام

(أكمل الجمل بوضع كلمة مناسبة من اليسار) — (أكمل الجمل بوضع الكلمة المناسبة)

هٰذا الفلّاح ..... (حقلٌ) — أنت ..... صَغِيْرٌ

لِلْفَلَاحِ ..... (نشيطٌ)	اِسْمُكَ .....
عِنْدَ التِّلْمِيْذِ (جُنَيْنَةٌ)	هٰذَا ..... كَ
أَمَامَ الْبَابِ ..... (كِتَابٌ)	أَنْتَ ..... هُ
اِسْمُ الرجل ..... (مِئْذَنَةٌ)	هٰذِهِ أُخْتُ .....
اِسْمِيْ ..... (مُؤَذِّنٌ)	أَنْتَ أَخُو .....
فوقَ الْمَسْجِدِ ..... (خَالِدٌ)	هِيَ بِنْتُ .....
الرجل الطويل ..... (مَاجِدٌ)	هٰذَا ..... كَ
المرأة القصيرة ..... (لِلْجُنَيْنَةِ)	لَهُ غِلَافٌ .....
الباب الكبير ..... (زَيْنَبُ)	..... جيبكَ قَلَمٌ
النافذة الصغيرة ..... (للتلميذ)	..... القَلَمُ جَمِيْلٌ
المِئْذَنَة العالية ..... (لخالد)	أَنْتَ ..... إلى المدرسةِ
القبة الجميلة ..... (لي)	أَنْتَ تَعْبَانٌ و .....
الكتاب الجديد ..... (للمسجد)	.....كَ بَعِيْدٌ
القلم القديم ..... (للمسجد)	أَنْتَ وَلَدٌ .....

(٢)

خالدٌ ولدٌ مجتهدٌ	هو محبوبٌ عند الأستاذ	هو مسرورٌ وناجحٌ
ساجدٌ ولدٌ مهملٌ	هو مبغوضٌ عند الأستاذِ	هو محزونٌ وخاسِرٌ

الدرس الخامس عشر (☆)

التِّلْمِيْذُ ذَهَبَ (إِلَى الْمَدْرَسَةِ) — الْبِنْتُ ذَهَبَتْ (إِلَى الْبَيْتِ)

(☆) **طریقۂ تدریس وتمرین**

اس سبق سے جملہ فعلیہ کا آغاز ہوا ہے، اب طالب علم کو رفتہ رفتہ فعل، فاعل، مصدر اور باب وغیرہ بتائے جائیں، مگر ان کے ذہن کو سامنے رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل امور کی طرف مختصراً اشارہ کیا جائے:

۱۔ چھوٹے بچوں کو پہلے صرف فعل و فاعل سے مرکب (دو لفظی) جملہ یاد کرایا جائے، پھر جار مجرور کے ساتھ ملا کر مشق کرائی جائے۔

۲۔ یہ بات ذہن نشین کرائی جائے کہ "ذَهَبَ" کے بعد جس جگہ جانا ہوگا اس پر ہمیشہ "إلى" آئے گا، ایسے ہی "نظر" کے بعد جس چیز کو ←

الْوَلَدُ جَلَسَ (عَلَى الْبِسَاطِ)	الْبِنْتُ جَلَسَتْ (عَلَى الْفِرَاشِ)
الْبُسْتَانِيُّ نَظَرَ (إِلَى الزَّهْرَةِ)	الْبُسْتَانِيُّ فَرِحَ (بِالزَّهْرَةِ)
حَامِدٌ خَرَجَ (مِنَ الْجُنَيْنَةِ)	سَاجِدٌ خَرَجَ (مِنَ الْفَصْلِ)

....

مَنْ ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟	حَامِدٌ ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
إِلَى أَيْنَ ذَهَبَ حَامِدٌ	ذَهَبَ حَامِدٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
مَنْ جَلَسَتْ عَلَى الْفِرَاشِ؟	الْبِنْتُ جَلَسَتْ عَلَى الْفِرَاشِ
مَنْ جَلَسَ عَلَى الْبِسَاطِ؟	أَنَا جَلَسْتُ عَلَى الْبِسَاطِ
هَلْ جَلَسْتَ عَلَى الْفِرَاشِ؟	لَا: مَا جَلَسْتُ عَلَى الْفِرَاشِ
هَلْ جَلَسْتَ عَلَى الْكُرْسِيِّ؟	نَعَمْ: جَلَسْتُ عَلَى الْكُرْسِيِّ
أَيْنَ جَلَسْتِ يَا سُعَادُ؟	أَنَا جَلَسْتُ عَلَى الْفِرَاشِ
أَيْنَ وَالِدُكَ؟	وَالِدِيْ فِي الْبَيْتِ
هَلْ هُوَ جَلَسَ عَلَى الْبِسَاطِ؟	نَعَمْ: هُوَ جَلَسَ عَلَى الْبِسَاطِ
أَيْنَ أُمُّكَ؟	أُمِّيْ فِي الْبَيْتِ
أَيْنَ جَلَسَتْ هِيَ؟	هِيَ جَلَسَتْ فِي الْحُجْرَةِ

پندرہواں سبق

لڑکا مدرسے گیا	لڑکی گھر گئی	لڑکا بستر پر بیٹھا	لڑکی فرش پر بیٹھی
مالی نے پھول کی طرف دیکھا	مالی پھول سے خوش ہوا	حامد باغیچے سے نکلا	ساجد درس گاہ سے نکلا
کون مدرسے کی طرف گیا؟	حامد مدرسے کی طرف گیا	حامد کہاں گیا؟	حامد مدرسے گیا

← دیکھیں گے اس پر بھی ہمیشہ "إلى" آئے گا، فرح کے بعد جس چیز سے خوشی ہوگی اس پر "ب" لائیں گے اور "خرج" کے بعد جس جگہ سے نکلیں گے اس پر "من" داخل کریں گے۔

۳۔ علامات فاعل (ضمیر مرفوع متصل) کی طرف تختہ سیاہ پر اشارہ کر دیا جائے کہ "تْ" واحد مؤنث غائب "تَ" واحد مذکر حاضر "تِ" واحد مؤنث حاضر "تُ" واحد مذکر و مؤنث متکلم کے لیے ہے۔

عام طور پر طلبہ صیغہ اور ضمیر مرفوع منفصل کی مطابقت میں غلطی کرتے ہیں اس لیے ان سے بھی افعال کی گردان ضمائر منفصلہ کے ساتھ کرائی جائے۔ مثلاً: هُوَ ذهبَ، هي ذهبتْ، انتَ ذهبتَ، انتِ ذهبتِ، انا ذهبتُ، وغیرہ۔

کون فرش پر بیٹھا؟	لڑکی فرش پر بیٹھی	کون بستر پر بیٹھا؟	میں بستر پر بیٹھا
کیا تم فرش پر بیٹھے؟	نہیں: میں فرش پر نہیں بیٹھا	کیا تم کرسی پر بیٹھے؟	جی ہاں میں کرسی پر بیٹھا
اے سعاد! تو کہاں بیٹھی؟	میں فرش پر بیٹھی	تیرے والد کہاں ہیں؟	میرے والد گھر میں ہیں
کیا وہ بستر پر بیٹھے؟	جی ہاں! وہ بستر پر بیٹھے	تیری والدہ کہاں ہیں؟	میری والدہ گھر میں ہیں
	وہ کہاں بیٹھیں؟	وہ کمرے میں بیٹھیں	

لغات

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
ذَهَبَ إلى مكانٍ يَذْهَبُ	ذَهَابًا	فتح	کسی جگہ جانا
جَلَسَ ، يَجْلِسُ	جُلُوْسًا	ضرب	بیٹھنا
بِسَاطٌ ، ج ، بُسُطٌ			فرش، بستر
نَظَرَ إلى شيءٍ يَنْظُرُ	نَظَرًا	نَصَرَ	کسی چیز کو دیکھنا
فَرِحَ بِشَيْءٍ يَفْرَحُ	فَرَحًا	سَمِعَ	کسی چیز سے خوش ہونا
خَرَجَ من مكانٍ يَخْرُجُ	خُرُوْجًا	نَصَرَ	کسی جگہ سے نکلنا

تمرين-۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

الوالد خرج من البيت ذهبتُ إلى السوق خالدةُ ذهبتْ إلى الحجرة جلستِ على الأرض
التلميذ نظر إلى الدّرس سعادُ فرحتْ باللُّعبة نظرتُ إلى الزّهرة سَعْدِيةُ خرجتْ من الحجرة

تمرين-۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

تو نے پھول کی طرف دیکھا ساجد کرسی پر بیٹھا راشدہ مطبخ سے نکلی میں کتاب سے خوش ہوا
بچی پھول سے خوش ہوئی فاطمہ درس گاہ کی طرف گئی تو کمرے سے نکلا استاذ چارپائی پر بیٹھے

تمرين-۳

(هُوَ) ذَهَبَ (هِيَ) ذَهَبَتْ - (أَنْتَ) ذَهَبْتَ - (أَنْتِ) ذَهَبْتِ - (أَنَا) ذَهَبْتُ
〃 جَلَسَ 〃 جَلَسَتْ - 〃 جَلَسْتَ - 〃 جَلَسْتِ - 〃 جَلَسْتُ

〃 نَظَرَ 〃 نَظَرَتْ - 〃 نَظَرْتَ - 〃 نَظَرْتِ - 〃 نَظَرْتُ
〃 فَرِحَ 〃 فَرِحَتْ - 〃 فَرِحْتَ - 〃 فَرِحْتِ - 〃 فَرِحْتُ
〃 خَرَجَ 〃 خَرَجَتْ - 〃 خَرَجْتَ - 〃 خَرَجْتِ - 〃 خَرَجْتُ

..... ذَهَبَ (هُوَ) خَرَجَ - نَظَرَ - جَلَسَ - فَرِحَ

تْ ذَهَبـ/ـتْ (هِيَ) ....
تَ ذَهَبْـ/ـتَ (أَنْتَ) ....
تِ ذَهَبْـ/ـتِ (أَنْتِ) ....
تُ ذَهَبْـ/ـتُ (أَنَا-حَامِد وسُعَاد) ....

(ضمير الفاعل في آخر الفعل)

تمرين-۴

أنا فرحت بـ......أنت فرحت بـ...... أنت فرحت بـ......هُوَ فرح بـ......
أنا......تُ من الفصل ، هُو...... من المسجد ، أنت...... تَ إلى الزهرة
هي...... على الفراش ، أنت......تَ على الكرسي ، أنتِ......تِ من البيتِ

تمرين-۵

(إملأ الفراغ بالفعل المناسب)

.... حامد إلى المسجد ....سُعادُ من الحجرة
حامد .... بالزهرة سُعاد .... بالحديقة
.... المدرس على الكرسي ....التلميذ إلى الكتابِ

تمرين-۶

أنا.... إلى البيت - أَنْتَ.... إلى البيت - انت.... إلى البيت - هو.... إلى البيت

الدرس السّادس عشر(☆)

رَاشِدٌ يَذْهَبُ إِلَى الْجُنَيْنَةِ ، وَيَنْظُرُ إِلَى الزَّهْرَةِ ، وَيَفْرَحُ بِهَا ، سَاجِدٌ يَذْهَبُ

(☆)**طریقۂ تدریس وتمرین**

سبق (۱۵) میں فعل ماضی کی مشق تھی، اس سبق میں فعل مضارع کی مشق کرائی گئی ہے، اس لیے درج ذیل امور کا لحاظ کیا جائے۔ ←

إلى الميدان، ونلعب بالكرة، سعاد تخرج إلى الفناء، وتجلس في ظل الشجرة، وتفرح. أنا أجلس على حافة البركة، وأنظر إلى السمك، وأفرح به، السمك يسبح في الماء، سعاد تنظر إليه، وتفرح، خالد يخرج من البيت، ويحضر في الفصل، وينظر إلى الكتاب، سلمى تفرغ من الصلاة، وتذهب إلى حجرة النوم، أنت يا سعاد تفرغ عن القراءة، وتذهبين إلى المطبخ.

إلى أين تذهب يا حامد	؟	أنا أذهب إلى السوق
هل تذهب إلى الحديقة	؟	لا، أنا لا أذهب إلى الحديقة
من يجلس تحت الشجرة	؟	سعاد تجلس تحت الشجرة
مَنْ يَلْعَبُ بالكرة	؟	ساجد يلعب بالكرة
بأيّ شيء يلعب ساجد	؟	يلعب ساجد بالكرة
ماذا يسبح في الماء	؟	السمك يسبح في الماء
أين يسبح السمك	؟	يسبح السمك في الماء

سولہواں سبق

راشد باغ کی طرف جاتا ہے، اور پھول دیکھتا ہے، اور اس سے خوش ہوتا ہے، ساجد میدان جاتا ہے، اور گیند سے کھیلتا

→ ۱۔ چوں کہ فعل مضارع میں حال و استقبال دونوں پایا جاتا ہے اس لیے دو چار صیغوں کا ترجمہ بلیک بورڈ پر لکھ کر بتا دیا جائے مثلاً: "یذھب" (وہ جاتا ہے یا جائے گا) "اجلس" (میں بیٹھتا ہوں یا بیٹھوں گا)

۲۔ ماضی اور مضارع کی گردان ترجمہ کے ساتھ پختہ یاد کرا دی جائے خواہ اس کے لیے صرف کی کتاب "آسان صرف" وغیرہ کا سہارا لینا پڑے۔

۳۔ تمرین کے ساتھ جو علامات مضارع مذکور ہیں ان کو فعل ماضی کے شروع میں لگا کر ماضی کے پہلے حرف کو ساکن اور آخری حرف پر ضمہ (پیش) لگا کر مضارع بنانے کی مشق کرائی جائے۔

۴۔ اس سبق میں جو نئے افعال استعمال ہوئے ہیں ان کے ماضی کے صیغے بنوا کر بھی مشق کرائی جائے، حروف جارہ کا افعال کے ساتھ جو ترجمہ مذکور ہے اسے افعال کے ساتھ خاص رکھا جائے، اور جب انفرادی طور پر ان کے معنی بتائے جائیں تو اصل معنی بتائے جائیں، مثلاً "الی" کے معنی "تک" یا "طرف" کے ہیں، اور جب اسے "خرج، ذھب، نظر" افعال کے بعد لایا جائے گا تو اس کا ترجمہ کبھی لفظ "کو" سے، کبھی لفظ "میں" سے کرتے ہیں اور کبھی صرف استعمال میں "الی" آتا ہے مگر اس کا ترجمہ نہیں ہوتا، جیسے "ذھبت الی البیت" (میں گھر گیا)

ہے، سعاد صحن کی طرف نکلتی ہے، اور درخت کے سائے میں بیٹھتی ہے، خوش ہوتی ہے، میں تالاب کے کنارے پر بیٹھتا ہوں اور مچھلی دیکھتا ہوں، اور اس سے خوش ہوتا ہوں، مچھلی پانی میں تیرتی ہے، سعاد اس کی طرف دیکھتی ہے، اور خوش ہوتی ہے۔ خالد گھر سے نکلتا ہے، اور درس گاہ میں حاضر ہوتا ہے اور کتاب کو دیکھتا ہے، سلمیٰ نماز سے فارغ ہوتی ہے اور سونے کے کمرے میں جاتی ہے، اے سعاد تو پڑھنے سے فارغ ہوتی ہے، اور باورچی خانے جاتی ہے۔

اے حامد تو کہاں جاتا ہے	؟	میں بازار جاتا ہوں
کیا تو باغیچے جاتا ہے	؟	نہیں، میں باغیچے نہیں جاتا ہوں
درخت کے نیچے کون بیٹھتا ہے	؟	سعاد درخت کے نیچے بیٹھتی ہے
گیند سے کون کھیلتا ہے	؟	ساجد گیند سے کھیلتا ہے
ساجد کس چیز سے کھیلتا ہے	؟	ساجد گیند سے کھیلتا ہے
پانی میں کیا چیز تیرتی ہے	؟	مچھلی پانی میں تیرتی ہے
مچھلی کہاں تیرتی ہے	؟	مچھلی پانی میں تیرتی ہے

لغات

الفاظ	مصادر	ابواب	معانی
مَيْدانٌ، ج، مَيادِيْنُ			میدان
لَعِبَ بِشَيْءٍ يَلْعَبُ	لَعِبًا	سَمِعَ	کسی چیز سے کھیلنا
كُرَةٌ، ج، كُرَاتٌ			گیند
ظِلٌّ، ج، ظِلالٌ			سایہ
حافَةٌ، ج، حافَاتٌ			کنارہ
سَبَحَ، يَسْبَحُ	سَبْحًا وسِبَاحَةً	فَتَحَ	تیرنا
حَضَرَ يَحْضُرُ	حُضُوْرًا	نَصَرَ	حاضر ہونا
فَرَغَ مِنْ شَيْءٍ يَفْرُغُ	فَرَاغًا	نَصَرَ	کسی چیز سے فارغ ہونا
نَامَ يَنَامُ	نَوْمًا	سَمِعَ	سونا
مَطْبَخٌ، ج، مَطَابِخُ			باورچی خانہ، مطبخ

تمرین - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

سعاد تذهب إلى المطبخ — الصیاد یجلس على حافة النهر

ویجلس في ظلّ السقف — الأسعاد یفرغ من الصلاة — الولد یلعب بالکرة

انا اسبح في النهر — انتَ یا حامد تفرح بالزهر — التلمیذة تحضر في الفصل

انتِ یا سلمیٰ تنظرین الى الزهر

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

ساجدہ پھول سے خوش ہوئی — تو پھل سے خوش ہوتا ہے — حامد کی بہن مطبخ جاتی ہے — خالد نماز سے فارغ ہوا

احمد آفس میں حاضر ہوا — میں دیوار کے سائے میں پڑھتا ہوں — اے سلمیٰ تو کتاب دیکھتی ہے — اے راشد تو گھر سے نکلتا ہے

تمرین (على استعمال الصيغ في الجمل الفعلية)

(هو)		(هي)		(أنتَ)		(أنتِ)		(أنا)
يَذْهَبُ		تَذْهَبُ -		تَذْهَبُ -		تَذْهَبِيْنَ -		أَذْهَبُ
″	يَنْظُرُ ″	تَنْظُرُ -	″	تَنْظُرُ -	″	تَنْظُرِيْنَ -	″	أَنْظُرُ
″	يَجْلِسُ ″	تَجْلِسُ -	″	تَجْلِسُ -	″	تَجْلِسِيْنَ -	″	أَجْلِسُ
″	يَلْعَبُ ″	تَلْعَبُ -	″	تَلْعَبُ -	″	تَلْعَبِيْنَ -	″	أَلْعَبُ
″	يَفْرَحُ ″	تَفْرَحُ -	″	تَفْرَحُ -	″	تَفْرَحِيْنَ -	″	أَفْرَحُ
″	يَخْرُجُ ″	تَخْرُجُ -	″	تَخْرُجُ -	″	تَخْرُجِيْنَ -	″	أَخْرُجُ
″	يَفْرُغُ ″	تَفْرُغُ -	″	تَفْرُغُ -	″	تَفْرُغِيْنَ -	″	أَفْرُغُ
″	يَحْضُرُ ″	تَحْضُرُ -	″	تَحْضُرُ -	″	تَحْضُرِيْنَ -	″	أَحْضُرُ
″	يَسْبَحُ ″	تَسْبَحُ -	″	تَسْبَحُ -	″	تَسْبَحِيْنَ -	″	أَسْبَحُ

(بـ) يَذْهَبُ (هو)

(تـ) تَذْهَبُ (هيَ)

(تـ) تَذْهَبُ (أنتَ)

(تـ) تَذْهَبِيْنَ (أنتِ)

(أ) أَذْهَبُ (أنا – حامد)

أَذْهَبُ (أنا – سعاد)

(فرح يَفْرَحُ تَفْرَحُ أَفْرَحُ)

لَعِبَ – يَلْعَبُ	حَضَرَ – يَحْضُرُ	نَظَرَ – يَنْظُرُ
فَرِحَ – يَفْرَحُ	سَبَحَ – يَسْبَحُ	جَلَسَ – يَجْلِسُ
خَرَجَ – يَخْرُجُ	فَرَغَ – يَفْرُغُ	ذَهَبَ – يَذْهَبُ

الدرس السابع عشر (☆)

قَرَأَ تِلْمِيْذٌ كِتَابًا — قَرَأَ التِّلْمِيْذُ الْكِتَابَ

كَتَبَ وَلَدٌ دَرْسًا — كَتَبَ الْوَلَدُ الدَّرْسَ

شَرَحَ مُعَلِّمٌ دَرْسًا — شَرَحَ الْمُعَلِّمُ الدَّرْسَ

سَمِعَ تِلْمِيْذٌ شَرْحَ دَرْسٍ — سَمِعَ التِّلْمِيْذُ شَرْحَ الدَّرْسِ

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق (۱۷) میں فعل متعدی اور مفعول بہ کا استعمال ہے، اب طلبہ کسی درجے میں نحو وصرف سے واقف ہو چکے ہوں گے اس لیے طلبہ کو اب کچھ ضابطے بتائیں جائیں اور ابھی سے مندرجہ ذیل امور کی طرف رہنمائی کی جائے۔

۱۔ جب جملے میں فعل اور اسم دونوں مذکور ہوں تو دیکھا جائے گا کہ پہلے اسم ہے یا فعل، اگر پہلے اسم ہو اور فعل بعد میں ہو (جیسے: "التلميذ ذهب إلى المدرسة" اور "سعاد تخرج إلى الفناء") تو وہ جملہ اسمیہ کہلائے گا اور اگر فعل پہلے ہو اور اسم بعد میں جیسے: ذهبَ التلميذُ إلى المدرسة "تخرج سعادُ إلى الفناء" تو وہ جملہ فعلیہ کہلائے گا۔

۲۔ اسم اگر پہلے آئے اور فعل بعد میں، تو فعل اسی اسم کے مطابق آئے گا، اگر اسم مذکر ہو تو فعل مذکر اور اگر اسم مونث ہو تو فعل بھی مونث آئے گا۔ جیسے: مذکورہ دونوں مثالوں میں۔

۳۔ اگر طلبہ باشعور ہوں تو انہیں فعل، فاعل اور مفعول بھی بتلائے جائیں کہ جملہ فعلیہ میں پہلے فعل آتا ہے، پھر فاعل، اس کے بعد مفعول، فاعل پر پیش اور مفعول پر زبر آتا ہے۔ جیسے: "قرأ التلميذُ الكتابَ"

۴۔ فاعل کبھی تو مفرد ہوتا ہے، کبھی مضاف ومضاف الیہ سے مرکب ہوتا ہے اور کبھی موصوف اور صفت سے مرکب ہوتا ہے۔ اگر فاعل مضاف ومضاف الیہ سے مل کر بنے تو پیش مضاف پر آئے گا اور مضاف الیہ تو ہمیشہ مجرور ہی رہے گا، جیسے: "قطع ولدُ البستاني الشجرَ" اور اگر فاعل موصوف صفت سے مل کر بنے تو پیش دونوں پر آئے گا، جیسے: "قرأ التلميذُ المجتهدُ الكتابَ"۔

اسی طریقے سے مفعول اگر مضاف ومضاف الیہ دونوں سے مرکب ہو تو زبر صرف مضاف پر آئے گا مضاف الیہ پر زیر ہی آئے گا جیسے: "قطع البستانيُّ غصنَ الشجرِ" اور اگر موصوف صفت سے مرکب ہو تو زبر دونوں پر آئے گا، جیسے: "قطع البستاني الغصنَ الطويلَ"۔

فتح التلميذ الكراسة

أخذ تلميذ كراسة

فتح البستاني باب الحديقة

سعاد فتحت نافذة الحجرة

أنا قرأت الجريدة

هو قرأ القرآن الكريم

أنت قرأت القصة الجديدة

قطع البستاني غصن الشجر

سعاد سمعت صوت المؤذن

أنت قرأت المجلة

هي قرأت الحديث الشريف

أنت قرأت السيرة الطيبة

من قرأ كتابا ؟

ماذا قرأ التلميذ ؟

هل قرأ التلميذ الكتاب ؟

هل التلميذ قرأ الكتاب ؟

أي تلميذ قرأ الكتاب ؟

ماذا كتب الولد ؟

ماذا شرح المعلم ؟

من فتح باب الحديقة ؟

من سمع الصوت ؟

ماذا سمعت سعاد ؟

هل قرأت القرآن ؟

هل قرأت الحديث ؟

هل هي قرأت القصة ؟

ماذا فعل البستاني ؟

ماذا فعلت سعاد ؟

عربی میں ترجمہ کریں (سبق)

ایک طالب علم نے ایک کتاب پڑھی

ایک لڑکے نے ایک سبق لکھا

ایک استاذ نے ایک سبق کی وضاحت کی

ایک طالب علم نے ایک سبق کی تشریح سنی

ایک طالب علم نے ایک کاپی لی

باغبان نے باغیچے کا دروازہ کھولا

سعاد نے کمرے کی کھڑکی کھولی

میں نے اخبار پڑھا

اس نے قرآن کریم پڑھا

تو نے عمدہ کہانی پڑھی

طالب علم نے کتاب پڑھی

لڑکے نے سبق لکھا

استاذ نے سبق کی وضاحت کی

طالب علم نے سبق کی تشریح سنی

طالب علم نے کاپی کھولی

باغبان نے درخت کی شاخ کاٹی

سعاد نے مؤذن کی آواز سنی

تو نے رسالہ پڑھا

اس نے حدیث شریف پڑھی

تو نے سیرت طیبہ پڑھی

من قرأ كتابا؟	قرأ تلميذ كتابا	ماذا كتب الولد؟	كتب الولد الدرس
هل قرأت القرآن؟	نعم: قرأت القرآن	ماذا قرأ التلميذ؟	قرأ التلميذ القرآن
ماذا شرح المعلم؟	شرح المعلم الدرس	هل قرأت الحديث؟	نعم قرأت الحديث
هل قرأ التلميذ الكتاب؟	نعم قرأ التلميذ الكتاب	من فتح باب الحديقة؟	فتح البستاني باب الحديقة
هل هي قرأت القصة؟	نعم هي قرأت القصة	هل التلميذ قرأ الكتاب؟	نعم التلميذ قرأ الكتاب
من سمع الصوت؟	حامد سمع الصوت	ماذا فعل البستاني؟	قطع البستاني غصن الشجر
أي تلميذ قرأ الكتاب؟	قرأ التلميذ المجتهد الكتاب	ماذا سمعت سعاد؟	سعاد سمعت صوت المؤذن
☆	ماذا فعلت سعاد؟	سعاد قرأت السيرة الطيبة	☆

لغات

الفاظ	مصادر	ابواب	معانی
قرأ يقرأ	قراءة	فتح	پڑھنا
كتب يكتب	كتابة	نصر	لکھنا
شرح يشرح	شرحا	فتح	وضاحت کرنا
سمع يسمع	سمعا وسماعة	سمع	سننا
أخذ يأخذ	أخذا	نصر	لینا
فتح يفتح	فتحا	فتح	کھولنا
قطع يقطع	قطعا	فتح	کاٹنا
صوت ، ج ، أصوات			آواز
مؤذن ، ج ، مؤذنون			مؤذن
جريدة ، ج ، جرائد			اخبار، پرچہ
مجلة ، ج ، مجلات			رسالہ
قصة ، ج ، قصص			کہانی، قصہ، داستان
سيرة ، ج ، سير			سیرت، عادت

تمرین-١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

	قرأ ولدُ الأستاذ الصّحيفة	البنتُ غسلت ثوب الأخ
كتب التلميذُ درسَ الكتاب	فتح التلميذ بابَ الفصل	البستاني سقى الحديقةَ الواسعةَ
ذكر الخطيب الماهر النّصيحة	طبخت الأمّ الطّعامَ اللّذيذَ	عبدالرّجل الصّالح اللّهَ
الأخت قرأت السّيرة الطّيّبة		

تمرین-٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

		طالب علم نے مشکل سبق لکھا
مالی کے لڑکے نے ایک شاخ کاٹی	نیک لڑکی نے کھانا پکایا	تو نے گھر کا دروازہ کھولا
حامد کے والد نے اخبار پڑھا	میں نے ایک چھوٹی کہانی یاد کی	فاطمہ نے مسجد کے مینار کی طرف دیکھا
راشد کی بہن نے چائے پی	بچہ ایک خوب صورت کھلونے سے خوش ہوا	

تمرین-٣ (علی إعراب المفعول)

كتابٌ عَرَبِيٌّ	قَرَأَ ساجد كتابا عَرَبِيًّا
دَرسٌ فَارِسِيٌّ	قرأت ماجدةُ درسًا فارسيًّا
مَجلّةٌ إنكليزيّةٌ	قَرَأتَ مَجلّةً انكليزيّةً
جَرِيدَةٌ أرْدِيَّةٌ	قَرَأتِ جَرِيدَةً أُرديَّةً
قِصّةٌ هِندِيَّةٌ	قَرَأتُ قِصّةً هندِيّةً

تمرین-٤

التلمِيذُ المُجْتَهِدُ	قَرَأ التلميذُ المُجْتَهِدُ ....
التّلمِيذُ المُهْمِلُ	مَاقرأ التلميذ المُهْمِلُ ....
الوَلَدُ الكَبِيْرُ	فَتَحَ الْوَلَدُ الكَبِيْرُ ....
الوَلَد الصّغِيْرُ	قَطَعَ الولدُ الصغيرُ ....

تمرین-٥ (ترجم إلى الأردية)

ابنُ ماجدٍ فَتَحَ بابَ الحجرةِ	وَلَدُالبُسْتانِيّ قَطَعَ غُصْنَ الشّجَرِ
مُعَلّمُ المدرسَةِ شَرَحَ درسَ الكتابِ	تلميذُ المدرسَةِ أخذ كِتابَ الدّرْسِ

بِنتُ مَاجِدٍ كَتَبَتْ دَرسَ الكتابِ	أختُ حامدٍ سَمِعَتْ قِصّةَ القُرآنِ
أمُّكَ سَمِعَتْ خَبَرَ الْجَرِيْدَةِ	أختُكِ قَرَأتْ سِيْرَةَ الرَّسُوْلِ(ﷺ)

تمرین-٦

أنا ... الدرس	أنتَ ... الكتاب	أنتِ ... القصّة
هو شَرَحَ ...	أنتَ فَتَحْتَ ...	هي أخذَتْ ...
... البُستانيّ قطع غُصْنَ ...	... ماجد فَتَحَ بَابَ ...	

الدرس الثّامن عشر (☆)

حَامِدٌ يَذْهَبُ إلَى السُّوْقِ صَبَاحًا ، وَيَفْتَحُ الدُّكّانَ ، وَيَجْلِسُ فِي الدُّكّانِ إلَى الْعِشَاءِ وَيَرْجِعُ إلَى الْبَيْتِ لَيْلاً.

مَاجِدٌ يَذْهَبُ إلَى الْمَسْجِدِ ، وَيَذْكُرُ اللّهَ ، وَيَعْبُدُهُ فِي اللّيْلِ وَالنّهَارِ.

أنَا أرْكَبُ الدّرّاجَةَ ، وَأذْهَبُ إلَى الْجُنَيْنَةِ مَسَاءً ، أتْرُكُ الدّرّاجَةَ عِنْدَ الشّجَرَةِ ، وَأسْبَحُ فِي الْبِرْكَةِ ، وَأفْرَحُ.

أنْتَ تَدْخُلُ الْفَصْلَ الآنَ ، وَتَفْتَحُ الْكِتَابَ ، وَتَقْرَأُ الدّرْسَ وَتَكْتُبُ الإمْلاءَ ، وَتَسْمَعُ كَلامَ الأُسْتَاذِ.

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق (١٨) میں مختلف شکلوں میں فعل کی مشق کرائی گئی ہے اس لیے مندرجہ ذیل چیزیں طلبہ کو بتائی جائیں۔

١۔ جب کسی جملے میں پہلے اسم آئے (خواہ اسم ظاہر ہو یا اسم ضمیر) اس کے بعد فعل آئے (خواہ ماضی یا مضارع) تو وہ جملہ، جملہ اسمیہ کہلائے گا اور اس اسم کے بعد آنے والے فعل میں ایک ضمیر ہوگی جس کا مرجع وہ اسم ہوگا جیسے: حامدٌ يذهب، میں "يذهب" کے اندر "هُوَ" ضمیر ہے جس کا مرجع "حامدٌ" ہے۔

٢۔ اگر اس اسم کے متعلق کوئی اور امر ذکر کرنا ہو تو پہلے فعل کے بعد "واو" لا کر دوسرا فعل ذکر کریں گے اور اس اسم کو نہیں لوٹائیں گے۔ جیسے: کہنا ہے کہ "حامد پڑھ رہا ہے اور لکھ رہا ہے" تو کہیں گے "حامدٌ يقرأ ويكتبُ" یہ نہیں کہیں گے "حامدٌ يقرأ وحامد يكتب"۔

٣۔ "صباحٌ، مساءٌ، ليلٌ، نهارٌ" یہ الفاظ ظرف کہلاتے ہیں، ان الفاظ کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ اگر یہ الفاظ جملوں میں بغیر جار مجرور کے آئیں تو "منصوب" ہوں گے، جیسے "حامدٌ يقرأ صباحًا" (حامد صبح کو پڑھتا ہے) اور اگر ان الفاظ سے پہلے حرف جر آئے تو مجرور ہوں گے، جیسے: "حامدٌ يقرأ في الصّباحِ" (حامد صبح کو پڑھتا ہے)

٤۔ فاعل، مفعول بہا سی طریقے سے ظرف زمان ومکان اور متعلقات فعل کو بدل کر مختلف جملے بنوائے جائیں۔

سلمٰی تدخل المطبخ، وتغسل الإناء، وتطبخ الطعام،

سعاد تذهب إلى مدرسة البنات، وتقرأ الأردية والعربية والقرآن والحديث، وتكتب الدرس.

۲۔ أسئلة

متى يذهب حامد إلى السوق ؟	من يذهب إلى السوق صباحا ؟
ماذا يفعل حامد صباحا ؟	إلى أين يذهب حامد صباحا ؟
متى يفتح (هو) الدكان ؟	من يفتح الدكان صباحا ؟
إلى متى يجلس (هو) في الدكان ؟	متى يرجع (هو) إلى البيت ؟
هل تسمع كلام المعلم ؟	هل أنت تسمعين قصة القرآن ؟

اٹھارہواں سبق

حامد صبح کو بازار جاتا ہے، وہ دکان کھولتا ہے، وہ دکان میں عشاء تک بیٹھتا ہے، وہ رات کو گھر لوٹتا ہے۔

ماجد مسجد میں جاتا ہے، وہ اللہ کو یاد کرتا ہے، اور شب و روز اس کی عبادت کرتا ہے۔

میں سائیکل پر سوار ہوتا ہوں، اور شام کو باغ میں جاتا ہوں، میں درخت کے پاس سائیکل کو چھوڑ دیتا ہوں اور حوض میں تیرتا ہوں اور خوش ہوتا ہوں۔

تو اب درس گاہ میں داخل ہوگا، کتاب کھولے گا، سبق پڑھے گا، املا لکھے گا اور استاذ کی باتیں سنے گا۔

سلمٰی باورچی خانہ میں جاتی ہے، وہ برتن دھوتی ہے اور کھانا پکاتی ہے۔ سعاد لڑکیوں کے اسکول جاتی ہے وہ اردو، عربی، قرآن اور حدیث پڑھتی ہے اور سبق لکھتی ہے۔

لغات

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
سُوْق ، ج ، أسْوَاق			بازار
دُكّان ، ج ، دَكَاكِيْن			دوکان
رَجَعَ إلى مكانٍ يَرْجِعُ	رُجُوْعًا	ضَرَبَ	کسی جگہ لوٹنا، واپس ہونا
لَيْل ، ج ، لَيَالِي			رات
مَسْجِد ، ج ، مَسَاجِد			مسجد

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
ذَكَرَ يَذْكُرُ	ذِكْرًا	نَصَرَ	یاد کرنا، ذکر کرنا
عَبَدَ يَعْبُدُ	عِبَادَةً	نَصَرَ	عبادت کرنا
نَهَار ج أنْهُر			دن
رَكِبَ يَرْكَبُ	رُكُوْبًا	سَمِعَ	سوار ہونا
تَرَكَ يَتْرُكُ	تَرْكًا		چھوڑنا
غَسَلَ يَغْسِلُ			دھونا
إِنَاء ، ج ، آنِيَة			
طَبَخَ يَطْبُخُ			

سؤالات

متى يذهب حامد إلى السوق ؟

من يذهب إلى السوق صباحا ؟ — حامد يذهب إلى السوق

ماذا يفعل (حامد) صباحا ؟ — حامد يذهب إلى السوق

متى يفتح هو الدكان ؟ — هو يفتح الدكان صباحا

إلى أين يذهب حامد صباحا ؟ — حامد يذهب إلى السوق صباحا

من يفتح الدكان صباحا — حامد يفتح الدكان صباحا

إلى متى يجلس هو في الدكان — يجلس هو في الدكان إلى المساء

متى يرجع هو إلى البيت — يرجع هو إلى البيت

هل تسمع كلام المعلم — نعم أسمع كلام المعلم

هل أنت تستمعين قصة القرآن — نعم أستمع قصة القرآن

تمرين - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

التلميذ يحضر في الفصل ويقرأ الكتاب — الفاكهاني يفتح الدكان صباحا ويبيع الفواكه

فاطمة تذهب إلى المدرسة وترجع إلى البيت مساءً — أنا آخذ المجلة وأقرأ في الليل

زينب تشرب الماء البارد ظهرا وتأكل الطعام .... — أنت تركب الدراجة وتذهب إلى النهر نهارا

حامد يكتُبُ........ ، ساجد يركبُ........ ، راشد يترك........ ،

تمرين - ۹

(إملأ الفراغ)

أنا ...... الدرّاجة ، أنتَ ......الدرّاجة ، هو...... الدرّاجة

أنا...... في البركة ، أنتَ......في البركةِ ، هُو...... في البركة

هي ...... الطعامَ ، أنتِ ...... الدرسَ ، أنت ...... القصّة

الدرس التاسع عشر (☆)

أنَا أجْلِسُ عَلَى الْكُرْسِيْ وَأنْتَ اِجْلِسْ عَلَى الْمَقْعَدِ

سَلْمٰى تَجْلِسُ عَلَى السَّرِيْرِ وَأنْتِ يَاسُعَادُ! اِجْلِسِيْ عَلَى الْأرْضِ

حَامِدٌ يَذْهَبُ إلَى الدُّكَّانِ وَأنْتَ اِذْهَبْ إلَى الْمَدْرَسَةِ

أنَا أقْرَأُ الْجَرِيْدَةَ وَأنْتَ اِقْرَأِ الْكِتَابَ

الْبُسْتَانِيُّ وَاقِفٌ أمَامَ الْبِرْكَةِ هُوَ يَقْطِفُ الْوَرْدَةَ

أنْتَ يَا حَامِدُ اِذْهَبْ إلَى الشَّجَرَةِ وَاقْطِفِ الزَّهْرَةَ

تَعَالَ يَاحَامِدُ هُنَا اِفْتَحِ الْكُرَّاسَةَ وَخُذِ الْقَلَمَ وَاكْتُبِ الدَّرْسَ

تَعَالَيْ يَاسُعَادُ هُنَا اِفْتَحِيْ الْمَطْبَخَ وَخُذِيْ الْإنَاءَ وَاطْبُخِيْ الشَّايَ

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق (۱۹) پڑھانے سے پہلے "امر حاضر معروف" بنانے کا قاعدہ طلبہ کو یاد کرا دیا جائے۔

قاعدہ: فعل ثلاثی مجرد (صحیح) سے امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ فعل مضارع معروف کے حاضر کے صیغے سے علامت مضارع کو حذف کر دو، اُس کے بعد دیکھو کہ عین کلمہ مفتوح ہے یا مکسور یا مضموم، اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو ہمزۂ وصل مکسور شروع میں لے آؤ اور آخری حرف کو ساکن کر دو، جیسے: "تَفْتَحُ" سے "اِفْتَحْ" اور "تَضْرِبُ" سے "اِضْرِبْ" اور اگر عین کلمہ مضموم ہو تو علامت مضارع حذف کرنے کے بعد ہمزۂ وصل مضموم لے آؤ اور آخر کو ساکن کر دو، جیسے: "تَنْصُرُ" سے "اُنْصُرْ" اور "تَكْتُبُ" سے "اُكْتُبْ" وغیرہ۔

امر حاضر معروف کے پورے چھ صیغے کی مشق کرا دی جائے، تاکہ گردان ازبر ہو جائے اور صیغوں کی شناخت ہو جائے، جیسے:

اُكْتُبْ	اُكْتُبَا	اُكْتُبُوْا	اُكْتُبِيْ	اُكْتُبَا	اُكْتُبْنَ
لکھ تو ایک مرد	لکھو تم دو مرد	لکھو تم سب مرد	لکھ تو ایک عورت	لکھو تم دو عورتیں	لکھو تم سب عورتیں
صیغہ واحد مذکر حاضر	تثنیہ مذکر حاضر	جمع مذکر حاضر	واحد مؤنث حاضر	تثنیہ مؤنث حاضر	صیغہ جمع مؤنث حاضر

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

استاذ کا لڑکا ظہر کے بعد مدرسے سے لوٹتا ہے

راشد کتاب لیتا ہے اور رات کو لکھتا ہے

خالدہ برتن دھلتی ہے اور روٹی پکاتی ہے

حامد کی والدہ نے رات کو لذیذ کھانا پکایا

میں صبح کو نہر جاتا ہوں اور پانی میں تیرتا ہوں

آج میں نے عصر کے بعد گرم چائے پی

تمرین - ۳

أسئلة

مندرجہ ذیل سوالات کے عربی میں جوابات لکھیں

متى تركبُ الدرّاجة ؟ أيَّ شيٍ تركبُ أنتَ ؟ هل أنت تركبُ الدرّاجة؟ أين تترك الدرّاجة؟ ماذا تترك عند الشجر؟هل تترك الدرّاجة ؟ أهذه أختكَ ؟ هل هِيَ تطبخُ الطعام ؟ ماذا تطبخ هِيَ في المطبخ ؟ متى يرجعُ التلميذُ من المدرسة ؟ متى يرجعُ حامد إلى البيت؟ متى تذهب إلى المسجدِ ؟ ماذا تفعلُ في المسجد ؟ هل تذكرُ اللّٰهَ ؟متى تعبُدُ اللّٰهَ ؟ أيْنَ تعْبُدُ اللّٰه ؟ مَنْ تعْبُدُ أنتَ ؟ مَنْ تذكُرُ أنْتَ ؟

تمرین - ۴

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

أنت ركبتَ الدرّاجة مساءً ، أنا أركبُ الدّرّاجة صباحًا

هُوَ فتحَ الحجرة صباحًا ، هِيَ تَفْتحُ الحجرةَ مساءً

أنتَ رجعتَ إلى البيتِ نهارًا ، أنتِ ترجعِيْنَ إلى البيتِ ليلاً

هِيَ قرأت القرآنَ بعدَ الفجرِ ، أنتِ تقرئِيْنَ القرآن بعدَ الظّهرِ

أنا تركتُ الكتاب في الحجرة ، أنت تترك الكتاب في الفصْلِ

تمرين - ۵

(إملأ الفراغ)

حامد يعبدُ........ ، ساجد يذكرُ........ ، راشد يقرأُ........ ،

حامد يدخلُ........ ، ساجد يفتحُ........ ، راشد يسمَعُ........ ،

تفضَّلْ يا راشدُ　　اُدْخُلِ الْمَنْزِلَ　　وَاجْلِسْ عَلَى الْكُرْسِيِّ
شُكْرًا يا حامِدُ　　أَنَا جَلَسْتُ　　أَنْتَ أَيْضًا اجْلِسْ بِجِوَارِي

تمرين

أُنْظُرْ إِلَى الْمُصَلِّي　　اُدْخُلْ حُجْرَةَ الْمَسْجِدِ　　اُخْرُجْ مِنْ دُكَّانِي
اِجْلِسْ عِنْدِي　　اِرْجِعْ مِنْ هُنَا　　اِقْطِفْ زَهْرَةَ الْبَنَفْسَجِ
اِرْكَبْ دَرَّاجَةَ رَاشِدٍ　　اِفْرَحْ بِزَهْرَةِ الْفُلِّ　　اِسْمَعْ حَدِيثِي
اِفْتَحْ بَابَ الْفَصْلِ　　اِقْرَأْ صَفْحَةَ الْجَرِيدَةِ　　اِسْبَحْ فِي بِرْكَةِ الْحَدِيقَةِ
اُقْرُبْ مِنَ الْمَيْدَانِ　　خُذْ كُرَةَ الْقَدَمِ　　اِلْعَبْ بِكُرَةِ الْقَدَمِ

انیسواں سبق

میں کرسی پر بیٹھتا ہوں اور تو بنچ پر بیٹھ، سلمیٰ چارپائی پر بیٹھتی ہے، اور اے سعاد تو زمین پر بیٹھ، حامد دکان جاتا ہے، اور تو مدرسے جا، میں اخبار پڑھتا ہوں، اور تو کتاب پڑھ، حنظل حوض کے سامنے کھڑا ہے، وہ گلاب توڑ رہا ہے، حامد! تو درخت کی طرف جا، اور پھول توڑ۔
اے حامد! تو یہاں آ، کاپی کھول، قلم لے اور سبق لکھ، اے سعاد! تو یہاں آ، مطبخ کھول، برتن لے، اور چائے پکا، راشد! تشریف لایئے، گھر میں داخل ہو جائیے اور کرسی پر بیٹھئے، اے حامد! شکریہ، میں بیٹھ گیا، آپ بھی میرے برابر میں بیٹھئے۔

تمرین

نمازی کی طرف دیکھ، مسجد کے کمرے میں داخل ہو، میری دکان سے نکل، میرے پاس بیٹھ، یہاں سے واپس ہو، گل بنفشہ توڑ، راشد کی سائیکل پر سوار ہو، گل بنفشہ سے خوش ہو، میری بات سن، درس گاہ کا دروازہ کھول، اخبار کا صفحہ پڑھ، باغ کے تالاب میں تیر، میدان کے قریب ہو، فٹ بال لے، فٹ بال سے کھیل۔

لغات

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
مَقْعَدٌ ، ج ، مَقَاعِدُ			بنچ، سیٹ
قَطَفَ يَقْطِفُ	قَطْفًا	ضَرَبَ	پھول توڑنا
تَفَضَّلَ يَتَفَضَّلُ	تَفَضُّلًا	تَفَعُّل	تشریف لانا
شَكَرَ يَشْكُرُ	شُكْرًا	نَصَرَ	شکریہ ادا کرنا

تمرین - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

اِفْتَحُوا بَابَ الْحُجْرَةِ وَاجْلِسُوا　　اِرْكَبِ الْقِطَارَ وَاذْهَبْ إِلَى مَنْزِلِي
اِشْرَبَا الشَّايَ الْحَارَّ فِي الْبَيْتِ　　يَا فَاطِمَةُ اطْبُخِي الطَّعَامَ وَاغْسِلِي الْإِنَاءَ
يَا أُخْتَايَ اُكْتُبَا الدَّرْسَ وَاحْفَظَا　　اِغْسِلْنَ الثِّيَابَ وَاكْنِسْنَ الْبَيْتَ
يَا رَاشِدُ ! أَنَا أَقْرَأُ وَأَنْتَ اكْتُبِ الدَّرْسَ　　الْأُمُّ تَطْبُخُ الشَّايَ وَأَنْتِ اقْطَعِي الْخُضْرَةَ
اِحْفَظَا الدَّرْسَ الصَّعْبَ فِي الْمَسْجِدِ

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

میں کپڑا دھلتا ہوں اور اے سعاد تو چائے پکا　　استاذ سبق کی تشریح کرتے ہیں اور تو اس کو لکھ
تم سب عورتیں کمرے میں داخل ہو اور بیٹھو　　تم دونوں بازار جاؤ اور میں گلاب کا پھول توڑتا ہوں
میں سبق یاد کرتا ہوں اور تم دونوں پھول توڑو　　بہن سبق لکھتی ہے اور اے خالدہ تو چائے پی
اے رشیدہ اور صفیہ! تم دونوں مطبخ میں برتن دھلو　　اے خالدہ، فاطمہ اور سعاد تم سب کاپی میں سبق لکھو
اے زینب تو مدرسے جا اور درس گاہ میں بیٹھ

الدرس العشرون (☆)

يَا حَامِدُ اُدْخُلِ الْفَصْلَ ، وَلَا تَخْرُجْ مِنْهُ قَبْلَ الدَّرْسِ ، اِفْتَحِ الْكِتَابَ وَانْظُرْ إِلَيْهِ ، وَلَا

(☆) طريقة تدريس وتمرين

سبق (۲۰) میں فعل نہی کی مشق ہے اس لیے اس سبق سے پہلے فعل نہی بنانے کا قاعدہ اور گردان یاد کرا دی جائے۔
فعل نہی: وہ فعل ہے جس کے ذریعے کسی کام سے روکا جائے، یہ بھی فعل مضارع سے بنایا جاتا ہے۔
قاعدہ: فعل نہی بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ علامت مضارع کو باقی رکھتے ہوئے شروع میں لائے نہی لے آؤ اور آخری حرف کو ساکن کر دو، امر اور نہی کے صیغوں سے نون اعرابی کو بھی حذف کر دیا جاتا ہے، امر و نہی دونوں افعال میں اگر آخر میں حرف علت ہو تو وہ بھی گر جاتا ہے۔ (حرف علت تین ہیں: واو، الف اور یا) جیسے: تخشی سے "لاتخش" اور "لاتخش" ذیل میں فعل نہی کی پوری گردان لکھی جاتی ہے، مگر امر کی طرح نہی حقیقی کے بھی حاضر کے چھ صیغے اصل ہیں۔

لا يَكْتُبْ	واحد مذکر غائب	لاتكتبوا	جمع مذکر حاضر
لايكتبا	تثنیہ مذکر غائب	لاتكتبي	واحد مؤنث حاضر ←

تَنظُرْ إلى الخَارِجِ. اِقْرَأ الدَّرْسَ وَاكْتُبْهُ ، وَلا تَضْحَكْ وَلا تَلْعَبْ فِي الفَصْلِ ، اُسْكُتْ أمَامَ الأُسْتَاذِ ، وَلاتَرْفَعِ الصَّوْتَ أمَامَهُ. اِذْهَبْ إلى المَسْجِدِ ، وَاعْبُدِ اللهَ ، وَلا تَذْهَبِ الآنَ إلى السُّوْقِ.

يَاسَاجِدُ تَعَالَ هُنَا ، وَاقْطِفْ هٰذِهِ الزَّهْرَةَ ، وَلاتَقْطِفْ تِلْكَ الزَّهْرَةَ. يَاسُعَادُ اُدْخُلِي المَطْبَخَ ، وَاطْبَخِي الطَّعَامَ يَا فَاطِمَةُ تَعَالَى ، وَاجْلِسِي بِجِوَارِ أُمِّكِ

تمرين

دَخَلَ	يَدْخُلُ	اُدْخُلْ	اُدْخُلِي	لَاتَدْخُلْ	لَاتَدْخُلِي
لَطُفَ	يَلْطُفُ	اُلْطُفْ	اُلْطُفِي	لَاتَلْطُفْ	لَا تَلْطُفِي
لَعِبَ	يَلْعَبُ	اِلْعَبْ	اِلْعَبِي	لَاتَلْعَبْ	لَاتَلْعَبِي
رَفَعَ	يَرْفَعُ	اِرْفَعْ	اِرْفَعِي	لَاتَرْفَعْ	لَاتَرْفَعِي
قَرُبَ	يَقْرُبُ	اُقْرُبْ	اُقْرُبِي	لَاتَقْرُبْ	لَاتَقْرُبِي

بیسواں سبق

اے حامد! تو درس گاہ میں داخل ہو، اور سبق سے پہلے اس سے مت نکل، کتاب کھول، اور اسے دیکھ، اور باہر کی طرف مت دیکھ، سبق پڑھ، اور اس کو لکھ، ہنس مت، اور درس گاہ میں مت کھیل، استاذ کے سامنے چپ رہ، ان کے سامنے آواز بلند مت کر، مسجد جا، اللہ کی عبادت کر، اور اس وقت بازار مت جا۔

اے ساجد! یہاں آ، یہ پھول توڑ، اور وہ پھول مت توڑ۔

اے سعاد! مطبخ میں داخل ہو، کھانا پکا، اے فاطمہ! آ، اور اپنی ماں کے بغل میں بیٹھ۔

← لَايَكْتُبُوْا	جمع مذکر غائب	لَاتَكْتُبَا	تثنیہ مؤنث حاضر
لَاتَكْتُبْ	صیغہ واحد مؤنث غائب	لَاتَكْتُبْنَ	جمع مؤنث حاضر
لَاتَكْتُبَا	تثنیہ مؤنث غائب	لَااَكْتُبْ	واحد متکلم
لَايَكْتُبْنَ	جمع مؤنث غائب	لَانَكْتُبْ	جمع متکلم
لَاتَكْتُبْ	واحد مذکر حاضر	☆	☆
لَاتَكْتُبَا	تثنیہ مذکر حاضر	☆	☆

لغات

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
خَرَجَ مِنْ يَخْرُجُ	خُرُوْجًا	نَصَرَ	نکلنا
خَارِجٌ ، ج ، خَوَارِجُ			باہر
ضَحِكَ يَضْحَكُ	ضِحْكًا	سَمِعَ	ہنسنا
لَعِبَ يَلْعَبُ	لَعِبًا و لَعْبًا	سَمِعَ	کھیلنا
سَكَتَ يَسْكُتُ	سُكُوْتًا	نَصَرَ	خاموش رہنا
رَفَعَ يَرْفَعُ	رَفْعًا	فَتَحَ	اٹھانا، بلند کرنا
عَبَدَ يَعْبُدُ	عِبَادَةً	نَصَرَ	عبادت کرنا

تمرين - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

لا تجلس أمام الأستاذ على السّرير — لاتذهبا إلى السّوق وقت الدّرس

اعبدوا اللّٰهَ وَلَا تَقنطُوْا مِنْ رَحْمَتِهِ — يَاسُعادُ لاتخرُجي إلى الخارج

لا تَجلسا يَاراشدةُ وَخالدةُ على حَلْقَةِ البركة — لاتَنْظُرْنَ إلى الزَّهْرَةِ وَاجْلِسْنَ بأدبٍ

اخدمِ الوالدين ولا تقل لهما أف — لاتقتُلوا أولادكم خشية إملاق

لا تخرُجا في الحرّ من البيت إلى الخارج

تمرين - ٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

میں بستر پر سو رہا ہوں تو چارپائی پر بیٹھ — تم دونوں بازار مت جاؤ استاذ کے گھر جاؤ

تم سب عورتیں آج مہمانوں کے لیے کھانا مت پکاؤ — اے فاطمہ! تو کپڑے دھل، برتن مت دھل

فاطمہ اور رشیدہ! تم دونوں عصر کے بعد مت پڑھ — تم سب لوگ اللہ کا ذکر کرو غیر اللہ کی عبادت نہ کرو

استاذ سبق کی وضاحت کر رہے ہیں تو ان کی بات سن — تم دونوں استاذ کے سامنے مت ہنسو

تم سب عورتیں رات میں گھر کا دروازہ مت کھولو

☆

الدرس الواحد والعشرون (☆)

خَامِدٌ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ صَبَاحًا، وَوَصَلَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْمِيْعَادِ، رَجَعَ حَامِدٌ إِلَى الْبَيْتِ ظُهْرًا، وَوَقَفَ بِالْبَابِ، هُوَطَرَقَ الْبَابَ، سُعَادُ سَمِعَتْ طَرْقَ الْبَابِ ، قَرُبَتْ سُعَادُ مِنَ الْبَابِ ، وَفَتَحَتْهُ، حَامِدٌ وَصَلَ إِلَى الْحُجْرَةِ ، وَخَلَعَ اللِّبَاسَ ، وَلَبِسَ لِبَاسًا آخَرَ ، نَظَرُ حَامِدٍ وَقَعَ عَلَى الْمَكْتَبِ، وَجَدَ عَلَيْهِ رِسَالَةً ، وَرَدَتِ الرِّسَالَةُ مِنَ الْقَرْيَةِ ، أَخَذَ حَامِدٌ تِلْكَ الرِّسَالَةَ ، وَقَرَأَهَا ، وَوَضَعَهَا فِي الْجَيْبِ.

تمرين

حامد يَصِلُ إلى المدرسةِ في الميعادِ ، هو يَقِفُ بِالْبَابِ ، وَيَطْرُقُ الْبَابَ ، سُعَاد تَسْمَعُ طَرْقَ الْبَابِ ، هِيَ تَقْرُبُ مِنَ الْبَابِ ، وَتَفْتَحُ الْبَابَ ، حامد يَصِلُ إِلَى الْحُجْرَةِ ، وَيَخْلَعُ اللِّبَاسَ ، وَيَلْبَسُ لِبَاسًا آخَرَ ، نَظَرُ حامدٍ يَقَعُ على الْمَكْتَبِ ، هُوَ يَجِدُ الرِّسَالَةَ ، الرِّسَالَةُ تَرِدُ مِنَ الْقَرْيَةِ ، حامد يَأْخُذُ تِلْكَ الرِّسَالَةَ ، هُوَ يَقْرَأُهَا ، وَيَضَعُهَا فِي الْجَيْبِ.

أسئلة

من يصلُ إلى المدرسةِ في الميعاد ؟ — من يطْرُقُ الْبَابَ ؟

هَلْ تَصِلُ أَنْتَ فِي الْمِيعَادِ ؟ — أَيْنَ وَقَعَ نَظَرُ حَامِدٍ ؟

هَلْ تَقِفُ أَنْتَ بِالْبَابِ ؟ — مِنْ أَيْنَ وَرَدَتِ الرِّسَالَةُ ؟

اکیسواں سبق

حامد صبح کو گھر سے نکلا، اور وقت مقررہ پر مدرسے پہنچا، حامد دوپہر کو گھر لوٹا، اور دروازے پر کھڑا ہوا، اس نے دروازہ

(☆)طریقۂ تدریس وتمرین

سبق (۲۱) میں ایسے افعال معتلہ استعمال کئے گئے ہیں جو کثیر الاستعمال ہیں یہاں تعلیل سے تعرض نہ کیا جائے البتہ تمام افعال (ماضی، مضارع، امر، نہی) کی مشق کرادی جائے، اور امر حاضر معروف بنانے کے قاعدے میں مندرجہ ذیل امور کا اضافہ کرکے دوبارہ سمجھایا جائے، تاکہ صحیح اور معتل دونوں کا فرق واضح ہوجائے اور سمجھ میں آجائے۔

۱ امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ فعل مضارع سے علامت مضارع کو حذف کردو، پھر اگر علامت مضارع کے حذف کردینے کے بعد والا حرف متحرک ہو تو آخر کو ساکن کردو۔ جیسے: تَضَعُ سے "ضَعْ" اور تَصِلُ سے "صِلْ"

۲ وَصَلَ کے بعد جہاں بھی پہنچیں گے "إلی" آئے گا، جیسے: "وَصَلْتُ إلى المدرسة" (میں مدرسے پہنچا)

کھٹکھٹایا، سعاد نے دروازے کی کھٹکھٹاہٹ سنی، سعاد دروازے کے قریب ہوئی، اور اسے کھول دیا، حامد کمرے پہنچا، اس نے لباس اتارا، اور دوسرا لباس پہنا، حامد کی نگاہ میز پر پڑی، اس نے اس پر ایک خط پایا، خط گاؤں سے آیا ہے، حامد نے وہ خط لیا، اسے پڑھا اور جیب میں رکھ لیا۔

لغات

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
وَصَلَ إلى يَصِلُ	وُصُوْلاً	ضَرَبَ	پہنچنا
مِيْعَادٌ ، ج ، مَوَاعِيْدُ			وقت مقررہ
وَقَفَ يَقِفُ	وُقُوْفًا	ضَرَبَ	ٹھہرنا
طَرَقَ يَطْرُقُ	طَرْقًا	نَصَرَ	کھٹکھٹانا
قَرُبَ مِنْ يَقْرُبُ	قُرْبًا	كَرُمَ	قریب ہونا
خَلَعَ يَخْلَعُ	خَلْعًا	فَتَحَ	اتارنا
لَبِسَ يَلْبَسُ	لُبْسًا	سَمِعَ	پہننا
وَقَعَ يَقَعُ	وُقُوْعًا	فَتَحَ	گرنا، پڑنا
وَجَدَ يَجِدُ	وُجُوْدًا	ضَرَبَ	پانا
رِسَالَةٌ ، ج ، رَسَائِلُ			خط
وَرَدَ يَرِدُ	وُرُوْدًا	ضَرَبَ	آنا
قَرْيَةٌ ، ج ، قُرًى			گاؤں
وَضَعَ يَضَعُ	وَضْعًا	فَتَحَ	رکھنا
لِبَاسٌ ، ج ، أَلْبِسَةٌ			لباس
نَظَرٌ ، ج ، أَنْظَارٌ			نگاہ

تمرين - ١

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

خَرَجَ هٰذا التّلميذ من البيت صباحًا — ترجع تلك البنت إلى البيت مساءً

صِلُوا إلى المدرسة في الميعاد — طَرَقَ الضّيفُ الباب ليلاً

خلعتُ اللباسَ القديمَ بعد الظهر	يا فاطمةُ خذي هذه الرسالةَ واقرئي
تلبس فاطمةُ اللباسَ الجديدَ	لا تطرقا البابَ بشدّةٍ

ضع هذه الرسالةَ على المكتب

تمرین-٢

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

تم دونوں اس جگہ مٹی پر مت بیٹھو	یہ لڑکا دوپہر کو گھر واپس آتا ہے	فاطمہ! برتن مطبخ میں رکھو
یہ لڑکا ہر وقت مقررہ پر اسکول پہنچ جاتا ہے	تم دونوں وقت مقررہ پر اسٹیشن پہنچو	یہ کتاب لو اور درس گاہ میں رکھ دو
فاطمہ! تو دروازہ کھول اور دروازہ مت کھٹکھٹا	تم دونوں نیا لباس پہنو اور پرانا اتار دو	یہ بچی زمین پر گر پڑی

تمرین-٣

(هو)	وصَلَ إلى	يَصِلُ إلى		
(هي)	وصَلَتْ إلى	تَصِلُ إلى........		
(أنتَ)	وصَلْتَ إلى........	تَصِلُ إلى	صِلْ إلى........	لاتَصِلْ إلى
(أنتِ)	وصَلْتِ إلى	تَصِلِيْنَ إلى........	صِلِيْ إلى........	لاتَصِلِيْ إلى
(أنا)	وصَلْتُ إلى........	أَصِلُ إلى........		

تمرین-٤

هو	هيَ	أنتَ	أنتِ	أنا
وَقَفَ	وَقَفَتْ	وَقَفْتَ	وَقَفْتِ	وَقَفْتُ
يَقِفُ	تَقِفُ	تَقِفُ	تَقِفِيْنَ	أَقِفُ
وَقَعَ	وَقَعَتْ	وَقَعْتَ	وَقَعْتِ	وَقَعْتُ
يَقَعُ	تَقَعُ	تَقَعُ	تَقَعِيْنَ	أَقَعُ
وَضَعَ	وَضَعَتْ	وَضَعْتَ	وَضَعْتِ	وَضَعْتُ
يَضَعُ	تَضَعُ	تَضَعُ	تَضَعِيْنَ	أَضَعُ
وَجَدَ	وَجَدَتْ	وَجَدْتَ	وَجَدْتِ	وَجَدْتُ
يَجِدُ	تَجِدُ	تَجِدُ	تَجِدِيْنَ	أَجِدُ

قِفْ	قِفِيْ	لاتَقِفْ	لاتَقِفِيْ	ضَعْ	ضَعِيْ	لاتَضَعْ	لاتَضَعِيْ
طَرَقَ	يَطْرُقُ	اُطْرُقْ	اُطْرُقِيْ	لا تَطْرُقْ	لاتَطْرُقِيْ		
خَلَعَ	يَخْلَعُ	اِخْلَعْ	اِخْلَعِيْ	لاتَخْلَعْ	لاتَخْلَعِيْ		
لَبِسَ	يَلْبَسُ	اِلْبَسْ	اِلْبَسِيْ	لاتَلْبَسْ	لاتَلْبَسِيْ		

الدّرس الثاني والعشرون (☆)

قالَ الأستاذُ لِتلميذِه ، اِقْرَأْ دَرْسَكَ وَاحفظْهُ ، وَلاتَقْرَأ القِصّةَ ، قالَ البُستانيُّ لِوَلَدِه: اِقْطِفِ الوَرْدَةَ ، وَلاتَقْطِفْ زَهْرَةً أخرى ، قُلْتُ لِخادِمي ، اِكْنِسِ الحُجْرَةَ ، وَاغْسِلِ المِبْصَقَ ، قالَتْ فاطِمَةُ لِخادِمَتِها ، اِكْنِسِيْ البَيْتَ ، وَاغْسِلِيْ الأرْضِيَّةَ ، مَاذَا قُلْتَ لِصَدِيْقِكَ يَا حَامِدُ ؟ مَاذَا قُلْتِ لِأُمِّكِ يَا فَاطِمَةُ ؟ يا حامِد ، قُلْ لِصَدِيْقِكَ : أهْلاً وَسَهْلاً ، تَفَضَّلْ هُنا ، يَافَاطِمَةُ قُوْلِيْ لِأُمِّكِ : أهْلاً وَسَهْلاً ، تَفَضَّلِيْ هُنا.

مَاذَا تَقُوْلُ لِيْ يَاحَامِدُ ؟	أنَا لَا أقُوْلُ لَكَ شَيْئًا
هَلْ تَقُوْلِيْنَ لِيْ شَيْئًا يَا فَاطِمَةُ ؟	نَعَمْ: أقُوْلُ لَكَ قَوْلاً
مَا ذَا يَقُوْلُ وَلَدُ البُسْتانِيِّ ؟	وَلَدُ البُسْتانِيِّ لَايَقُوْلُ شَيْئًا
مَاذَا تَقُوْلُ لَكِ أُمُّكِ ؟	هِيَ تَقُوْلُ لِيْ قَوْلاً

قَالَ	يَقُوْلُ	قُلْ	قُوْلِيْ	لاتَقُلْ	لاتَقُوْلِيْ	حَفِظَ	يَحْفَظُ	اِحْفَظْ
لاتَحْفَظْ	لاتَحْفَظِيْ	كَنَسَ	يَكْنُسُ	اُكْنُسْ	اُكْنُسِيْ	لاتَكْنُسْ	لاتَكْنُسِيْ	☆

بائیسواں سبق

استاذ نے اپنے شاگرد سے کہا: تو اپنا سبق پڑھ اور اس کو یاد کر، قصہ مت پڑھ، مالی نے اپنے لڑکے سے کہا: تو گلاب کا پھول توڑ، دوسرا پھول مت توڑ، میں نے اپنے نوکر سے کہا: کمرے میں جھاڑو لگا، اور اگال دان دھو، فاطمہ نے اپنی خادمہ سے کہا: تو

(☆) طريقة تدريس وتمرين

درس مذکور میں طلبہ کو فعل نہی کے بنانے کا آسان قاعدہ دوبارہ بتادیا جائے۔
فعل نہی وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے باز رہنے کا حکم دیا جائے یہ بھی فعل مضارع سے بنایا جاتا ہے، اس کے بنانے کا قاعدہ سبق (٢٠) کے تحت گذر چکا ہے یہاں دہرا دیا جائے۔

گھر میں جھاڑو لگا، اور فرش دھو، حامد! تم نے اپنے دوست سے کیا کہا؟ فاطمہ! تو نے اپنی والدہ سے کیا کہا؟ اے حامد! تو اپنے دوست سے کہہ: خوش آمدید، یہاں تشریف رکھئے، اے فاطمہ! تو اپنی والدہ سے کہہ: خوش آمدید، یہاں تشریف رکھئے۔

اے حامد! تم مجھ سے کیا کہتے ہو ؟	میں تم سے کچھ نہیں کہتا
اے فاطمہ! کیا تو مجھ سے کچھ کہتی ہے؟	ہاں: میں تم سے ایک بات کہتی ہوں
مالی کا لڑکا کیا کہتا ہے ؟	مالی کا لڑکا کچھ نہیں کہتا ہے
تیری والدہ تجھ سے کیا کہتی ہیں ؟	وہ مجھ سے ایک بات کہتی ہیں

لغات

الفاظ	مصادر	أبواب	معاني
حَفِظَ يَحْفَظُ	حِفْظًا	سَمِعَ	یاد کرنا
قِصَّةٌ ، ج ، قِصَصٌ			قصہ، کہانی
قَطَفَ يَقْطِفُ	قَطْفًا	ضَرَبَ	پھول توڑنا
كَنَسَ يَكْنِسُ	كَنْسًا	ضَرَبَ	جھاڑو لگانا
غَسَلَ يَغْسِلُ	غَسْلًا	ضَرَبَ	دھونا
مِنْصَقٌ ، ج ، مَنَاصِقُ			اگال دان
تَفَضَّلَ يَتَفَضَّلُ	تَفَضُّلًا	تَفَعُّل	تشریف رکھنا، تشریف لانا
شَيْءٌ ، ج ، أشْيَاءُ			کچھ، چیز
قَوْلٌ ، ج ، أقْوَالٌ			بات

تمرین - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں

اِذْهَبْ إلى السُّوق صَبَاحًا وافتح الدُّكَّان	لاتَرْجِعْ من الدُّكَّانِ إلى البيت في الظَّهيرة
لاتَرْفَعا الصَّوت أمامَ الأستاذ	اِقْرَءِ الكِتابَ ولاتقرأ القِصَّةَ
يافاطمةُ! لا تذهبي إلى السوقِ اليومَ	اغسلي الإناء واطبخي الشَّاي الحارَّ
اركبوا الدَّرَّاجةَ ولاتَركبوا السَّيَّارةَ	لاتغسِلُوا الثوب في وقت الدَّرس

اِجْلِسْنَ على البساط ولا تجلسن على الأرض	لاتقطفن الوردة من حديقة حامد

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

تم لوگ اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو	تم لوگ فقراء کی مدد کرو، اور کسی پر ظلم نہ کرو
تم دونوں دوپہر میں مدرسے سے گھر نہ لوٹو	تم دونوں عورتیں رات کو مطبخ میں داخل مت ہو
تم سب عورتیں پرانا کپڑا مت پہنو	تو درس گاہ میں کہانی مت پڑھ
اے فاطمہ! تو ماں کے سامنے آواز بلند مت کر	تو اس برتن کو میز پر مت رکھ
تم دونوں نیا لباس نہ اتارو	تم لوگ رات میں دروازہ مت کھٹکھٹاؤ

الدَّرس الثَّالث والعشرون (☆☆)

أنا أنامُ على سَرِيْرِي ، أنتَ تنامُ على سَرِيْرِكَ ، أنتِ تنامِيْنَ على سَرِيْرِكِ

(☆☆) طریقۂ تدریس وتمرین

اس سبق میں فعل معتل اجوف واوی کی مشق ہے، مگر معتل اور اجوف وغیرہ کو ابھی نہ چھیڑا جائے البتہ "نَامَ يَنَامُ" کی اصل بتادی جائے کہ "نَامَ" اصل میں نَوِمَ تھا اور "يَنَامُ" اصل میں "يَنْوَمُ" تھا، واو کو ایک قاعدے کے تحت الف سے بدلا گیا ہے، بعد از اں مندرجہ ذیل قاعدہ بتا کر مشق پر توجہ دی جائے۔

قاعدہ: جب جملے میں لفظ "اپنا" اور "اپنے" آئے تو اس کے لیے ضمیر متصل "ہ، ہما، ہم، ہا، ہما، ہن، ك، كما، كم، كِ، كما، كن، ي، نا" کا استعمال کرتے ہیں، یہ ضمیریں واحد تثنیہ جمع مذکر ومؤنث کے اعتبار سے استعمال ہوتی ہیں، اور طریقۂ استعمال یہ ہے کہ اردو میں جس لفظ کے شروع میں لفظ "اپنا" اور "اپنے" آئے گا یہ ضمیریں عربی میں اسی لفظ کے آخر میں آئیں گی، اور جس لفظ کے آخر میں یہ ضمیریں آئیں گی اس پر الف لام نہیں آئے گا اس لیے کہ یہ ضمیریں ہمیشہ مضاف الیہ واقع ہوتی ہیں تو جس لفظ کے آخر میں آئیں گی وہ مضاف ہوگا اور مضاف پر الف لام نہیں آتا ہے۔ مثلاً:

هو يقرأ كتابَه	وہ اپنی کتاب پڑھتا ہے	أنتما تنامان على سريركما	تم دونوں اپنی چارپائی پر سوتے ہو
هُمَا يقرءان كِتابَهُما	وہ دونوں اپنی کتاب پڑھتے ہیں	أنتم تنامون على سريركم	تم سب اپنی چارپائی پر سوتے ہو
هم يقرأون كتابَهُم	وہ سب اپنی کتاب پڑھتے ہیں	أنتِ تذهبين إلى بيتكِ	تو عورت اپنے گھر جاتی ہے
هي تكتبُ دَرْسَهَا	وہ عورت اپنا سبق لکھتی ہے	أنتما تذهبانِ إلى بيتكما	تم دونوں اپنے گھر جاتی ہو
هما تكتبان درسَهُما	وہ دونوں اپنا سبق لکھتی ہیں	أنتنَّ تذهبن إلى بيتكُنَّ	تم سب عورتیں اپنے گھر جاتی ہو
هُنَّ يكتُبن درسَهُنَّ	وہ سب اپنا سبق لکھتی ہیں	أنا أصِلُ إلى مدرستي	میں اپنے مدرسے پہنچتا ہوں
أنتَ تنامُ على سريرِكَ	تو اپنی چارپائی پر سوتا ہے	نحنُ نصلُ إلى مدرستنا	ہم سب اپنے مدرسے پہنچتے ہیں

هُوَ يَنَامُ عَلَى فِرَاشِه. هِيَ تَنَامُ عَلَى فِرَاشِهَا

نَامَ الطِّفْلُ فِي الْمَهْدِ ، نَامَتْ فَاطِمَةُ فِي الْأُرْجُوحَةِ ، نِمْتَ عَلَى الْمَقْعَدِ

نِمْتِ عَلَى الْخَشَبَةِ. نِمْتُ عَلَى الْبِسَاطِ

نَمْ يَا صَدِيقِيْ فِي حُجْرَتِيْ — لَاتَنَمْ بِجِوَارِ الشَّجَرِ

نَامِيْ يَا أُخْتِيْ هُنَا عَلَى الْفِرَاشِ — لَاتَنَامِيْ هُنَاكَ عَلَى الْمَقْعَدِ

أسئلة

أَيْنَ تَنَامُ انت ؟	عَلَى ايِّ شَيٍ تَنَامُ أَنْتَ ؟	هَلْ أَنْتَ تَنَامُ على السّرير
مَن يَنَامُ على سرِيرِكَ ؟	هل أنتَ تنامُ على سَرِيرك ؟	هَل تنامُ في الحجرة
هل أنتِ تنامِيْنَ ليلاً ؟	هل أنتِ تنامِينَ نَهَارًا ؟	هل أنتِ تَنَامِيْنَ ظهرًا
هَل ينام حامد في الحجرة ؟	هل ينام حامد على الخَشَبَةِ؟	هَل ينامُ خادِمُك؟
أين تنام أُمُّكَ ؟	هل هي تنامُ في المطبَخِ ؟	هل هي تنامُ في الحُجرَةِ
هل نامَ الطفلُ ؟	أين نام هو ؟	هَلْ نَامتْ أُختُكَ؟
أَيْنَ نَامَتْ هِيَ ؟	هَلْ نِمتَ هُنَا ؟	هَل نمتِ هناكَ؟

هل نِمتِ على السَّرِيْرِ؟

(هو) قال (أَنْتَ) قُلْ (أَنتَ) لَاتَقُلْ — (هُوَ) نَامَ(أَنْتَ) نَمْ (أَنتَ) لَاتَنَمْ

(هو) يَقُوْلُ (أَنتِ) قولِي (أَنتِ) لَاتَقُوْلِي — (هُوَ) يَنَام (أَنتِ) نَامِي(أَنتِ) لَاتَنَامي

تیئیسواں سبق

میں اپنی چارپائی پر سوتا ہوں، تو اپنی چارپائی پر سوتا ہے، تو اپنی چارپائی پر سوتی ہے، وہ اپنے بستر پر سوتا ہے، وہ اپنے بستر پر سوتی ہے، بچہ گہوارے میں سویا، فاطمہ جھولے میں سوئی، تو بنچ پر سویا، تو گدے پر سوئی، میں بستر پر سویا، اے میرے دوست! تو میرے کمرے میں سوجا، درخت کے برابر میں مت سو، اے میری بہن تو یہاں بستر پر سو، وہاں بنچ پر مت سو۔

سوالات

اين تنام انتَ ؟	انا انامُ في الحجرة
على ايِّ شيءٍ تنام انت ؟	انا انام على السّرير

هَلْ انتَ تنامُ على السرير ؟	نعم: أنا انام على السرير
من ينامُ على سَرِيرِكَ ؟	انا انام على سريري
هَلْ انتَ تنامُ على سريرِكَ ؟	نعم: أنا انام على سريري
هَلْ انتَ تنامُ في الحجرة ؟	نعم: أنامُ فِي الحجرة

تمرین - ۱

مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کرو

حفظ ذلك التلميذ درسهٗ	كتب هٰذان التّلميذان درسهما
وصلت اختُ راشدٍ إلى مدرستها	هما يرجعان من مدرستهما في الظهيرة
يقرأ الطلّاب درسهم بعد المغرب	انت تأكلُ طعامَكَ وقتَ العشاء
حامدٌ يصل إلى دكانه صباحًا	انتُنّ تطبخْنَ طعامَكُنّ صباحًا
نحن نغسل ثيابَنَا يومَ الجمعة	أنا أنامُ في حجرتي ليلاً

تمرین - ۲

مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں

خالد کی بہن صبح کو اپنے مدرسے گئی	میں اپنی کتاب اپنے بستے میں رکھتا ہوں
یہ دونوں بچے اپنے مدرسے سے واپس آگئے	تم دونوں عشا کے بعد اپنا کھانا کھاتے ہو
وہ سب مغرب کے بعد اپنا سبق یاد کرتے ہیں	ہم لوگ رات کو اپنے کمرے میں سوتے ہیں
تم سب عورتوں نے فجر کے بعد اپنا سبق لکھ لیا	وہ سب لڑکیاں جمعہ کو اپنے کپڑے دھلتی ہیں
تم سب لوگوں نے اپنا لباس کمرے میں اتار دیا	تو مطبخ میں اپنا کھانا پکاتی ہے

الدرس الرابع والعشرون(☆)

دَعَا الْبُسْتَانِيُّ وَلَدَهُ ، وَقَالَ لَهُ: يَاوَلَدِيْ ! اِغْرِسِ الشَّجَرَةَ حَضَرَ الْوَلَدُ ، وَقَالَ: مَرْحَبًا يَا أَبِيْ ،

(☆) طریقۂ تدریس وتمرین

سبق (۲۴) میں جس قاعدے کو پیش نظر رکھا گیا ہے سبق (۲۳) میں تفصیل کے ساتھ ذکر کردیا گیا ہے، اس سبق میں بھی اسی قاعدے کی خوب تمرین کرائی جائے، اور جب طلبہ مذکورہ قاعدے کو سمجھ جائیں اور لکھنے و بولنے پر قادر ہو جائیں تو اسی قاعدے میں مندرجہ ذیل جزیے کا اضافہ کردیا جائے۔

قاعدہ: کسی بھی جملے میں "اپنا" اور "اپنے" کا ترجمہ اُس وقت کریں گے جب فاعل اور ضمیر دونوں میں یکسانیت ہو، جیسے: "ھو ←

(سمعًا وطاعةً)

وَلَدُ الْبُسْتَانِيِّ غَرَسَ شَجَرَةَ الْوَرْدِ ، بَعْدَ شَهْرٍ نَبَتَ الشَّجَرُ ، وَنَمَا وَعَلَا ، بَعْدَ مُدَّةٍ طَلَعَ عَلَى الشَّجَرِ زَهْرٌ جَمِيلٌ صَغِيرٌ. فَقَطَفَ الْوَلَدُ الزَّهْرَ ، وَفَرِحَ بِهِ ، قَالَ الْوَالِدُ: هٰذَا زَهْرٌ بَدِيعٌ ، ضَعْهُ فِي الزُّهْرِيَّةِ ، وَضَعِ الزُّهْرِيَّةَ فَوْقَ الطَّاوِلَةِ.

هُوَ دَعَا وَلَدَهُ	هِيَ دَعَتْ وَلَدَهَا	أَنْتَ دَعَوْتَ وَلَدَكَ
أَنْتِ دَعَوْتِ وَلَدَكِ	أَنَا دَعَوْتُ وَلَدِيْ	أَنْتَ تَدْعُوْ صَدِيْقَكَ
هُوَ يَدْعُوْ أُمَّهُ	هِيَ تَدْعُوْا أُمَّهَا	
أَنْتِ تَدْعِيْنَ أُمَّكِ	أَنَا أَدْعُوْ صَدِيْقِيْ	
أُدْعُ خَادِمَكَ ، لَاتَدْعُ خَادِمِيْ	أُدْعِيْ اِبْنَكِ، لَاتَدْعِيْ اِبْنِيْ	

أسئلة

من تدعوانت؟ هل تَدْعُوْ أُمَّكَ؟ مَنْ يَدْعُوْ خَادِمَكَ؟ هل يدعوك أَحَدٌ؟

مَنْ غَرَسَ الشَّجَرَةَ ؟ مَاذَا غَرَسَ وَلَدُ الْبُسْتَانِيِّ ؟ متى نَبَتَ الشَّجَرُ ؟

أَيُّ شَيْءٍ نَمَا ؟ أَيُّ شَيْءٍ عَلَا ؟ مَنْ قَطَفَ الزهرَ ؟ مَاذَا قَالَ الولدُ؟

